صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز بدھ مورخہ 27 جون 2007ء بمطابق 11 جمادی الثانی 1428 ہجری صبح دس بجکر پندرہ منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، بخت جہاں خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

أَعُوذُ بِٱللَّهِ مِنَ ٱلشَّيۡطَٰنِ ٱلرَّجِيمِ۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

يَمۡحَقُ ٱللَّهُ ٱلرِّبَوٰاْ وَيُرۡبِي ٱلصَّدَقَٰتِۗ وَٱللَّهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ كَفَّارٍ أَثِيمٍO إِنَّ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ وَعَمِلُواْ ٱلصَّٰلِحَٰتِ وَأَقَامُواْ ٱلصَّلَوٰةَ وَءَاتَوُاْ ٱلزَّكَوٰةَ لَهُمۡ أَجۡرُهُمۡ عِندَ رَبِّهِمۡ وَلَا خَوۡفٌ عَلَيۡهِمۡ وَلَا هُمۡ يَحۡزَنُونَO يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ ٱتَّقُواْ ٱللَّهَ وَذَرُواْ مَا بَقِيَ مِنَ ٱلرِّبَوٰٓاْ إِن كُنتُم مُّؤۡمِنِينَO فَإِن لَّمۡ تَفۡعَلُواْ فَأۡذَنُواْ بِحَرۡبٖ مِّنَ ٱللَّهِ وَرَسُولِهِۦۖ وَإِن تُبۡتُمۡ فَلَكُمۡ رُءُوسُ أَمۡوَٰلِكُمۡ لَا تَظۡلِمُونَ وَلَا تُظۡلَمُونَ۔

ترجمہ: خدا سود کو نابود (یعنی بے برکت) کرتا اور خیرات (کی برکت) کو بڑھاتا ہے اور خدا کسی ناشکرے گنہگار کو دوست نہیں رکھتا۔ جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے اور نماز پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے رہے ان کو ان کے کاموں کا صلہ خدا کے ہاں ملے گا اور (قیامت کے دن) ان کو نہ کچھ خوف ہوا اور نہ وہ غمناک ہوں گے۔ مومنو! خدا سے ڈرو اور اگر ایمان رکھتے ہو تو جتنا سود باقی رہ گیا ہے اس کو چھوڑ دو۔ اگر ایسا نہ کرو گے تو خبردار ہو جاؤ (کہ تم) خدا اور رسول سے جنگ کرنے کے لئے (تیار ہوتے ہو) اور اگر توبہ کر لو گے (اور سود چھوڑ دو گے) تو تم کو اپنی اصل رقم لینے کا حق ہے جس میں نہ اوروں کا نقصان اور تمہارا نقصان۔

محترمہ زبیدہ خاتون: جناب سپیکر صاحب! پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب انور کمال: جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جناب انور کمال خان۔

رسمی کارروائی

جناب انور کمال: جناب سپیکرا! حقیقت دا دے جی چې ډیر خوند کوی، پکار خو دا وه چې دا۔ که چرې په وخت سره مکمل شوے وے نو مونږه به یو کال نیم تیر کړے وے، بهر صورت اوس هم دا سپیکر صاحب، که چرې Extension ملاؤ شو او یو کال نیم په دیکښې تیر کړو نو دا څه بده غوندې خبره خو به نه وی خو بهر صورت زهٔ تاسو ته، Specially تاسو ته ځکه چې دا ستاسو د کاوشونو نتیجه ده، مونږه ته دا پته وه چې دې ځائے کښې دا کال زمونږه ختم شوے دے او مونږه هم په هغه زوړ هال کښې وخت تیرولو۔ ستاسو او ستاسو د سټاف دا خواهش وو او مونږه هم په دې باندې ستاسو ډیر زیات مشکوره یو او زهٔ تاسو ته مبارکبادی درکوم چې دے نوی هال کښې نن د دې خپل اجلاس ابتداء کوؤ۔ ډیره مهربانی۔

جناب سپیکر: بشیر احمد بلور صاحب۔

جناب بشیر احمد بلور: سپیکر صاحب! دا نن مونږه دا سمبلئ دے نوی هال ته راغلو او زهٔ دا وایم چې خدائے د اوکړی چې د عوامو د پاره، د غریب خلقو د پاره، د پاکستان او د پختونخوا د خلقو د پاره دا یو داسې د نیک خواهشاتو اظهار اوشی او چې دلته کومې خبرې کوؤ او بیا د خپلې صوبې د خلقو د پاره، د خپل ملک د خلقو د پاره د خدائے بنه اوګرځئی او مونږه دې نوې هال ته په راتلو باندې مبارکباد هم ورکوؤ خو دا هم وایو چې پکار دا دی چې مونږه هغه شان حق د دې ادا کړو چې څنګه ستاسو په دې باندې دا دومره اخراجات اوشو او د قام او عوامو دومره زیاتې پیسې اولګیدې او هغوی ته مونږه داسې مراعات ورکړو چې هغوی ته هم زمونږه د دې ځائے، د هال او د دې د اخراجاتو پیسې چې مراعات چې دوئ هغه خپل خلقو ته، غریبانانو ته هم اورسی او زهٔ به خواست اوکړم چې زمونږه یو مولانا صاحب د پاڅی او د دې د پاره د یو بنه

دعا اوکړی چې خدائے ئے بختور کړی قام د پاره، عوامو د پاره او زمونږه د اولس د پاره او زمونږه د صوبې د پاره نو به ډیره ښه خبره وی۔

مولانا محمد ادریس: جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: مولانا ادریس صاحب۔

مولانا محمد ادریس: شکریه، جناب سپیکر صاحب۔ څنګه چې زمونږه دے نورو ملګرو خبره اوکړله نو زهٔ خو به حقیقت دے دا خبره اوکړم چې د دې اسمبلئ د اجلاس، د دې د جوړیدلو لویه کارنامه زمونږه د متحده مجلس عمل د حکومت ده نو زهٔ په هغې باندې متحده مجلس عمل حکومت ته خراج تحسین پیش کوم او ورسره ورسره سپیکر صاحب، کومه پالیسی چې تاسو اوچلوله اود اپوزیشن او د حکومتی ممبرانو، دے دواړو په صحیح طریقه د قانون مطابق پاسداری اوکړه او لکه د ورونړو غوندې دا ماحول مو اوساتو۔ درحقیقت اسمبلی، دا یو جرګه غوندې شکل وی او دا د دې ټولې صوبې د منتخب اراکینو یوه جرګه ده او د هغې مشری ستاسو په سر ده۔ تاسو چې دا څلور نیم کاله په کومه ښه طریقه باندې دا شې اوچلولو نو زهٔ تاسو له په هغې باندې خراج تحسین درکوم او دا امید لرم د ټولو ملګرو نه چې هغه زمونږه دا حکومتی ملګری دی او که د اپوزیشن ملګری دی چې دا باقی کومې ورځې پاتې دی چې دا هم لکه د مخکښې غوندې د رورولئ په ماحول کښې تیرے کړی او تنقید د هر چا، د اپوزیشن د ملګرو حق دے ،هغه تنقید چې هغه د تعمیر په شکل کښې وی او تعمیری سوچ باندېوی، دا یو بهتره خبره ده، دا د عوامو خدمت دے۔ نو ولې که یو څیز، چې یو ناقص کار وی او په هغې باندې دوئ خاموش پاتې شی یا زمونږه رونړه پرے خاموش پاتې شی نو زما په خیال چې دا هم د دې صوبې د عوامو سره به بیا انصاف نه وی۔ خو د تعمیر په شکل کښې که زمونږه دا رونړه، که هر څوک تنقید کوی او د هغې زمونږه دا ملګری، زمونږه وزراء، حکومتی مشران په صحیح طریقه باندېجواب اوکړی، هغې له توجه ورکړی نو دا یوه ډیره بهتره خبره ده۔ نو که د مخکښې په شانتې نور هم د رورولئ په ماحول کښې او د یو جرګې په شکل کښې مونږه د یو بل سره د تعاون په سلسله کښې اوچلیږو نو زما په خیال کښې مونږه به د د صوبې د عوامو حق هم ادا کړو، صحیح

نمائندګی به هم اوکړو او په آخر کښې بيا زۀ تاسو او د دې ټولو ملګرو ته دے نوے هال کښې د راتلو مبارکباد ورکوم او د الله نه سوال کوؤ چې الله تعالیٰ زمونږه دا اسمبلی د دې ټولې صوبې د عوامو د پاره د خير او د خوشحالئ، د برکت او د ترقئ باعث اوګرځوی۔

جناب سپیکر: مرید کاظم صاحب۔

میاں نثار گل: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: میاں صاحب! د دې نه روستو۔

سید مرید کاظم شاہ: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر! آج کا دن ایک بہت اہم دن ہے جی اور آپ نے اس ہال کے لئے جو کاوش کی ہے، اس کے لئے آپ کو خراج تحسین دینا آج بہت ضروری ہے جی۔ جناب والا! ہم بھی یہ امید کرتے ہیں جی کہ ہمارے بھائی بھی جن کے لئے یہ اسمبلی ہال بنا ہے اور اس پر جتنا خرچہ ہوا ہے تو ہم بھی کوشش کریں کہ اپنے عوام کے لئے ایسی سہولیات فراہم کریں جو آج آپ نے ہمیں فراہم کی ہیں۔ میں آپ کو اور پورے ایوان کو اس نئے ہال میں آنے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: میاں نثار گل۔

میاں نثار گل: جناب سپیکر! آج خوشی کا مقام ہے کہ شکر الحمد للہ اس اسمبلی میں ہم اپنے پانچ سال پورے کر رہے ہیں اور آپ کے سامنے بیٹھے ہیں اور نئے ہال میں ہم پانچواں بجٹ پاس کر چکے ہیں اور ان شاء اللہ تعالیٰ علاقے کے عوام کے لئے، صوبے کے عوام کی پسماندگی دور کرنے کے لئے ہم کوشش کرینگے۔ جناب سپیکر! ادھر جو نمائندے آتے ہیں، شکر الحمد للہ ہم نے آپ کے ذریعے چار، پانچ سال اپنے علاقوں کے مسائل پر جو بحث کی ہے اور جتنے کام ہوئے، اسمبلی کے ممبر کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ وہ اپنے ٹھیک ہے، تنگ مت کرو۔ جناب سپیکر! میری یہ دعا ہے کہ اللہ کرے کہ نیا ہال جو بنا ہے صوبہ سرحد کے لئے اور ہمارے پسماندہ علاقوں کے لئے اور پورے صوبے کے لئے وہ خوشیاں لائے کہ ہمارا ملک اور ہمارا صوبہ آباد ہو۔ میں آپ کو پانچ سال کی کارکردگی پر اور ساری اپوزیشن کو اور حکومتی ارکان کو جنہوں نے پانچ سال بھائی چارے سے وقت گزارا اور علاقے کی خدمت کی، خراج تحسین پیش کرتا ہوں اور ان الفاظ کے ساتھ کہ اللہ کرے ہمارا صوبہ اور ہمارا ملک آباد ہو۔ شکریہ، جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: قلندر خان لودھی صاحب۔

جناب قلندر خان لودھی: شکریہ، جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! میں اس موقع پر آپ کو، آپ کی گورنمنٹ کو، وزیر اعلیٰ کو، ورکس اینڈ سروسز کے سیکرٹری صاحب، ایس اینڈ جی ڈی کے ڈیپارٹمنٹ اور وہ ٹھیکیدار جس کا کہ میاں نثار گل صاحب کو پتہ ہے کہ ہماری سٹینڈنگ کمیٹی میں اس کا کیس آیا، بہت کم ریٹس تھے اس کے لیکن اس نے ہمت کی اور اس نے اس کو Complete کیا اور اس فورم کے لئے ایسا ہال ضروری ہے۔ ٹھیک ہے عوام کے کام ہونے چاہئیں، ان کی سڑکیں، ان کے سکول، انکی گلیاں، ان کے لئے پانی بھی ضروری ہیں لیکن اس ڈیکورم کے لئے ایسا ہال بھی بہت ضروری تھا۔ یہ اس صوبے کے لئے ایک Best بہترین بلڈنگ، اس بہترین فورم کے لئے ایک اچھا ہال بنا ہے اور اللہ کرے کہ ہم اس میں بیٹھ کر اس صوبے کے لئے اور اس ملک کے لئے بہتر فیصلے کر سکیں۔ تھینک یو جی۔

جناب سپیکر: عبدالاکبر خان صاحب۔

جناب عبدالاکبر خان: شکریہ، جناب سپیکر۔ میں اپنی طرف سے اور اپنی پارٹی کی طرف سے آپ کو، آپ کے سیکرٹریٹ کو، ورکس اینڈ سروسز ڈیپارٹمنٹ کو اور ان تمام لوگوں کو جنہوں نے اس بلڈنگ کے بنانے میں تعاون کیا، کام کیا، مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے اس صوبے کو ایک تشخص دے دیا۔ جناب سپیکر: آپ کو معلوم ہے کہ 1935 ایکٹ کے تحت جب 1937 میں پہلے انتخابات ہوئے تو اس کو تقریباً 70 سال گزر گئے لیکن 70 سال میں اس صوبے کو، Legislators کو اپنا ایک انسٹی ٹیوشن، ایک جگہ نہیں ملی۔ اس اسمبلی نے اگر کام کیا تو ہمیشہ دوسروں کی بلڈنگوں میں کام کیا، اس کے لئے کوئی بھی بلڈنگ نہیں تھی اور آج 70 سال کے بعد اس صوبے کو، اس صوبے کے عوام کو، اس صوبے کے عوام کے نمائندوں کو اپنی ایک بلڈنگ ملی اور اتنی شاندار اور خوبصورت بلڈنگ ملی۔ میں آپ کو اور اس میں کام کرنے والے تمام لوگوں کو مبارکباد پیش کرتا ہوں بلکہ شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے اس صوبے کے لوگوں کے لئے اور عوام کے نمائندوں کے لئے ایک ایسی خوبصورت جگہ بنا دی۔ تھینک یو، جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: ڈاکٹر سلیم صاحب۔

ڈاکٹر محمد سلیم: محترم جناب سپیکر صاحب! د ټولو نه زیات خو دا ستاسو محنت وو، ستاسو کاوش وو چې دا اسمبلی هال په ډیر لږ وخت کښې جوړ شو۔ زۀ تاسو

ته مبارکباد درکوم۔ زۀ او زما ملګری او ماجد خان، مونږه به دا خبره کوله چې دا د اسمبلئ بلډنګ شروع شو نو زمونږه دا خیال وو چې دا ممبران نه بلکه زمونږ راتلونکی ممبران به دے هال کښې کیښنی خو نه دا ستاسو محنت وو، ستاسو کاوش وو چې مونږه په دې هال کښې کښیناستو۔ یوائے دا سې نه ده، د دې نه مخکښې چې کوم سپیکر راغلې دے، هغه په یو هال کښې ټول وخت تیر کړے دے او زما په اندازه باندې، زما په خیال باندېواحد دا کریډټ تاسو ته ځی چې په هغه هال کښې مو څلور کاله سپیکری اوکړه او باقی وخت دلته کښې تیروئ خو زۀ دے خپل ملګرو ته دا هم وایم چې کوم Facilities، کوم څیزونه حکومت مونږه ته راکوی چې مونږه په نوې ولوله، په نوی عزم سره رابیدار شو او د عوامو خدمت اوکړو۔ ستاسو ډیره شکریه۔

جناب سپیکر: نوابزادہ طاہر بن یامین صاحب۔

نوابزادہ طاہر بن یامین: شکریہ، جناب سپیکر۔ میں اپنی طرف سے اور آزاد اراکین اسمبلی کی طرف سے آپ کو اس نئے ہال میں آنے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ چونکہ میں بھی اس ورکس اینڈ سروسز کمیٹی میں ایک رکن ہوں اور مجھے اس سارے حالات کا بخوبی علم تھا تو آپ نے ذاتی طور پر اس کو جو چیلنج سمجھ کر یہاں ہمیں آج اس ہال میں لائے ہیں تو آپ کو میں اس چیلنج کو قبول کرنے پر اور ان کاوشوں پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ یہاں پر تقریباً پانچ سال ہونے کو ہیں اور آپ نے بحیثیت کسٹوڈین آف دی ہاؤس جس طرح اس ہاؤس کو چلایا اور ایک Longest tenure میں چلایا تو اس کے لئے بھی میں آپ کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: سید قلب حسن صاحب۔

سید قلب حسن: سپیکر صاحب!۔۔۔۔۔

محترمہ زبیدہ خاتون: سپیکر صاحب کافی مصروف ہیں اور اس طرف توجہ ہی نہیں دیتے۔

سید قلب حسن: شکریہ، سپیکر صاحب۔ میں اپنی طرف سے آپ کو اور وزیر اعلیٰ صوبہ سرحد، محمد اکرم درانی کو مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ آپ لوگوں نے ذاتی دلچسپی لیکر عوامی نمائندوں کے لئے ایک بہترین شاہکار پیش کیا اور میں یہ امید کرتا ہوں کہ جتنے بھی ممبران ہیں، جس طرح یہ ایک نمونہ پیش کیا گیا ہے اور جو صوبائی ترقیاتی کام ہیں، ان میں بھی اسی طرح سے ذاتی دلچسپی لیں گے۔ بہت شکریہ۔

جناب سپیکر: جھگڑا صاحب! تاسو څه وائیل؟

جناب افتخار احمد خان جھگڑا: بسم الله الرحمن الرحیم۔ جناب سپیکر صاحب! د ټولو نه مخکښې تاسو ته مبارکبادی درکوم۔ دلته خو مخکښې هم مونږه دوه درې ځله راغلې وو او هغه وخت کښې دا Incomplete وو۔ نن شکر دے د خدائے چې یو مکمل هال ته مونږه راغلو او دا زمونږه د دې Term آخری ورځې دی۔ یو انګریز وائی وئیلے دی چې Those only deserve a monuments who do not need one.زما په خیال کښې خو دے اسمبلئ دا Deserve کوله چې دا جوړه شی ولې ځنګه چې جرګان ئے ډاټسن کښې نه وی بند کړی، دغه شان په هال کښې د ننه د پچیس کسانو اسمبلئ کښې ئے واچولو او ایک سو پچیس ته ئے اورسولو۔ دا تاسو ته ټولو مبارکبادی درکړه او زما خیال دے د هر چا دا خواهش دے چې هغه یو څو خبرې اوکړی او د هغې اظهار هر یو Individuallyهم اوکړو او زما په خیال زمونږه لیډر صاحب دا خبره اوکړله د ټولې پارټئ په Behalfباندې، زمونږه بعضې ملګری نیشته، زۀ به ئے بیا هم Repeatکړم چې د ټولو په Behalf باندېمونږه تاسو ته مبارکبادی پیش کوؤ۔

جناب سپیکر: نادر شاه باچا صاحب۔

جناب نادر شاه: شکریه، سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب! مونږه دے هال ته په راتلو باندې تاسو ته مبارکبادی درکوؤ ځکه چې ستاسو په کوششونو سره په دومره لږ وخت کښې دا هال تعمیر شو او د دې Arrangement اوشو او خصوصاً د متحده مجلس عمل حکومت، د دې صوبې وزیر اعلیٰ، اکرم خان درانی صاحب، دا یعنی صوبه سرحد کښې حکومت د متحده مجلس عمل ډیرے بهترینے منصوبې دے صوبې ته ورکړے دی او په هغې کښې د ټولو نه بهترینه تحفه د صوبې د درې کروړه عوامو نمائندګانو ته دا هال د اسمبلئ ورکړے دے او دا په هغې کښې د ټولو نه بهترینه تحفه ده او مونږه د دې هال د ممبرانو د پاره دا دعا کوؤ چې دا د کوم مقصد د پاره جوړ شوے دے چې دا ممبران هغه کردار هم په دې هال کښې ادا کړی چې هغه د دې ټولې صوبې د خوشحالئ د پاره، د خیرسګالئ د پاره پکار راشی۔

جناب سپیکر: سردار ادریس صاحب۔

سردار محمد ادریس (وزیر بلدیات): جناب سپیکر! یہ جو خوبصورت ہال جس میں آج ہم بیٹھے ہوئے ہیں، اس میں یقیناً آپ کا، محکمہ ورکس اینڈ سروسز ڈیپارٹمنٹ کا، چیف منسٹر صاحب کا اور حکومت کا بڑا Interest رہا ہے اس ہال کو اپنے دور میں جلدی مکمل کرنے میں اور اس میں یہاں پر اجلاس شروع کرنے کے سلسلے میں آپ سب مبارکباد کے مستحق ہیں اور جناب سپیکر، آپ نے جس احسن طریقے سے یہ ہاؤس گزشتہ پانچ سال سے چلا رہے ہیں، یقیناً اس ہاؤس کے ممبران، خواہ وہ ٹریژری بنچز سے ہوں یا اپوزیشن سے تعلق رکھتے ہوں، ان سب کو ہم بنظر تحسین دیکھتے ہیں اور یقیناً ان سب کا رول بالخصوص جو صوبہ سرحد کے اس اسمبلی کا جو رول رہا ہے، یقیناً ایک مثالی، رواداری، باہم برداشت کا جو ماحول رہا ہے اور یہ پانچ جو بجٹ ہم نے پیش کئے ہیں، یہ متفقہ طور پر جو منظور ہوئے ہیں، یہ بھی صوبہ سرحد کی چاروں صوبوں کے اندر ایک منفرد مثال ہی ہے۔ جناب سپیکر! جس انداز سے آپ خوش اسلوبی کے ساتھ سب کو ساتھ لیکر چلے ہیں اور آپ نے یہاں پر ایک نئی روایت صوبہ سرحد میں ڈالی ہے، اس میں اس ہاؤس کی اپوزیشن سے تعلق رکھنے والے تمام ممبران بھی اور پارلیمانی لیڈرز بھی مبارکباد کے مستحق ہیں اور یقیناً میں سمجھتا ہوں کہ اکرم خان درانی صاحب بھی سب کو اپنے ساتھ لیکر چلے ہیں اور ہماری حکومت نے جس انداز سے ایک نئی جو، آپ دوسرے صوبوں کی آپ مثال دیکھیں اور وہاں پر اس طرح کی کم از کم کوئی مثال آپ کو نہیں ملے گی جو ایک نئے سیاسی کلچر جو ہمارے اس صوبے میں یہاں پر اکرم خان درانی صاحب کی حکومت نے اور آپ کی سپیکر شپ کے اندر جو ایک نئی روایت ڈالی ہے، اس کی مثال بہت کم ملتی ہے۔ میں آخر میں آپ سب کو مبارکباد پیش کرتا ہوں، تمام ممبران کو خواہ وہ حکومت سے ہوں یا اپوزیشن سے ہوں اور آپ کو بھی مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ آپ پانچ سال بڑے احسن طریقے سے سب کو ساتھ لیکر چلے ہیں۔ تھینک یو۔

جناب بشیر احمد بلور: جناب سپیکر صاحب! زۀ به لږ دیکښې Amendment او کړم چې دۀ وئیل چې Unanimous بجټ پاس شوے دے، مونږه خو کټ موشنز باندې ووټنګ هم کړے دے، مونږه خو Unanimous نه دے پاس کړے۔ فنانس بل چې دے هغه خو Majority باندې پاس شوے دے او سپیکر صاحب، دا خنګه چې دوئ وئیل چې د درانی صاحب روایات دی نو دا روایات زمونږه د صوبې د نن

نه دی، دا د پنځوسو کالو نه هم دغسې روایات دی چې څنګه اوس مونږه لګیا وو۔ پنجاب، سندھ او بلوچستان کښې، ز مونږه اسمبلئ کښې همیشه روایت چې دی هغه Avail کوی او مونږه په هغې باندې عمل کوؤ۔

جناب سپیکر: نعیمہ کشور صاحبہ۔

محترمہ نعیمہ کشور: شکریہ، جناب سپیکر۔ جس طرح تمام ممبران کی طرف سے مبارکباد پیش کی گئی اسی طرح خواتین بھی آپ کو اور خاص طور پر اسمبلی سیکرٹریٹ کے جتنے بھی افراد جو اس کام میں شامل ہیں اور وزیر اعلیٰ صاحب سمیت ہم ان سب کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ جس طرح بشیر بلور صاحب نے کہا کہ یہ پچاس سالہ روایات ہیں تو ہم امید کرتے ہیں کہ ہماری پچھلی جو روایات ہیں، وہ اس اسمبلی میں بھی برقرار رہیں گی۔ افسوس ایک چیز کا ہے کہ تھوڑا بہت دور دور ہو گئے تو میرے خیال میں یہ دوری صرف سیٹوں تک محدود ہو گی، دلوں کی دوری نہیں ہو گی۔ پچھلے سیشن میں میں نہیں آئی تھی لیکن ہم خواتین کو یہ اسمبلی کچھ زیادہ اس وجہ سے پسند نہیں آئی کہ سپیکر صاحب بہت دور چلے گئے اور ہمیں اب ٹائم لینا بہت مشکل ہو گا۔ پہلے تو ہمارے نزدیک ہوتے تھے، تھوڑا سا ٹک ٹک کر دیتے تھے تو سپیکر کی توجہ ہمارے طرف ہو جاتی تھی، ہم ٹائم لے لیتے تھے لیکن اب یہ بہت مشکل ہو گا کہ ہم آپ سے ٹائم لیں۔ تو امید کریں گے کہ ہمیں اسی طرح ٹائم بھی ملے گا، اسی طرح توجہ بھی ملے گی۔ ایک اہم۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: زبیدہ خاتون صاحبہ۔

محترمہ نعیمہ کشور: مسئلہ ہے جناب سپیکر صاحب، اس پر بات کرنے کی اجازت چاہوں گی۔ وہ بی۔ ایس۔ سی کے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: زبیدہ خاتون صاحبہ۔

محترمہ زبیدہ خاتون: جناب سپیکر صاحب! اس Tenure کے اختتام پر اس نئے ہال میں تمام ممبران کی آمد اور خصوصاً جناب سپیکر صاحب کو دلی مبارکباد پیش کرتی ہوں اور جناب سپیکر صاحب کی عدل وانصاف پر مبنی پالیسی جس میں اپوزیشن کو بہت زیادہ اہمیت جو ہے، وہ ملی ہے، یہاں تک کہ ہمیں رشک آنے لگا اور ہماری بھی یہ آرزو ہو گئی کہ کاش ہم بھی اپوزیشن میں ہوتے اور بہت سے عوامی مسائل اس طرح ہوتے ہیں کہ جناب سپیکر صاحب۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اصل میں میں یہ روایت قائم کرنا چاہتا ہوں کہ آپ یہ نہ سمجھیں کہ آپ ہمیشہ اقتدار میں ہونگے، آپ ادھر بھی آسکتے ہیں تو یہ میں ان کے لئے ایک صحتمند روایت چھوڑنا چاہتا ہوں۔ جی!

محترمہ زبیدہ خاتون: اور اللہ سے دعا ہے کہ یہاں پر ان ساڑھے چار سالوں میں ہم سے جو کمیاں یا کوتاہیاں ہوئی ہیں، اللہ اس سے در گزر فرمائے اور ہمارا یہاں کام کرنا، ہمارا بیٹھنا دنیا اور آخرت میں ہمارے لئے سرخروئی کا باعث بنے، آمین اور اسی کے ساتھ ہی جناب سپیکر صاحب، ایک انتہائی اہم مسئلہ کی جانب آپ کی توجہ مبذول کرانا چاہتی ہوں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: میرے خیال میں جو بشیر بلور صاحب نے تجویز پیش کی ہے، میں سب کو کہہ کے، مقررین کی لسٹ جو ابھی تک میرے پاس پہنچی ہے، وہ صرف تین ہیں سپلیمنٹری بجٹ پر تو میں سب کو موقع دونگا لیکن۔۔۔۔۔

محترمہ زبیدہ خاتون: جناب سپیکر صاحب! یونیورسٹی کے ہزاروں طلباء و طالبات نے اسمبلی ممبران کو Approach کیا ہے اور کہا ہے کہ ہماری یہ بات جو ہے، وہ آپ اسمبلی فلور پر اٹھائیں کہ ان کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے جو انہیں رول نمبر سلپس وقت پر نہیں ملے اور وہ مجبور ہو کر وہاں تک گئے اور پھر ان پر بڑا ظلم ہوا، ان پر لاٹھی چارج ہوا اور پھر یہ کہ وہاں پر صرف ایک دن بلکہ دو دن یہ کہانی جو ہے، وہ دہرائی گئی۔ بہت سے بچے پیاس کی وجہ سے نڈھال ہو کر بے ہوش ہو گئے اور یہ ایک بہت بڑا ظلم ہے۔ جناب سپیکر صاحب! اسی کے ساتھ ہی ایک نہایت اہم نکتے کی طرف میں آپ کی توجہ دلانا چاہوں گی کہ جو وہاں کے عملے کی سربراہ ہیں، کنٹرولر امتحانات جو کہ ایک لیڈی ہیں، وہ اس وقت وہاں اپنے عملے سمیت غائب ہو گئی۔ بجائے اس کے کہ اس پر یونیورسٹی والے کوئی گرفت کرتے، طلباء کو یہ سزا دی گئی کہ ان کا امتحان ملتوی کیا گیا دو جولائی تک، جس کا نقصان طلباء کو پہنچے گا اور اس کے ساتھ ساتھ اس میں ان دنوں میں یہ پرچہ آوٹ ہو جانے کا بھی خطرہ ہے۔ جناب سپیکر صاحب! اس سے پہلے جو کنٹرولر تھے، اس کو کیوں برطرف کر دیا گیا؟ اس کی وجہ صرف یہی تھی کہ ان کی جو Wife تھی، اس کا امتحان تھا ایم اے ایم ایڈ کا اور انہوں نے اصولوں کی بنیاد پر یونیورسٹی والوں سے Leave لینے کی کوشش کی تو اس کے جواب میں انہوں نے کیا کیا کہ اس کو ہٹایا اور اس کی جگہ ایک Grade 17, 18 کی جو Acting Controller تھی، اس کو لا کر بٹھا دیا اور

ایک Acting Controller ابھی دو سال سے وہاں پر بیٹھ کر خدمات سرانجام دے رہی ہے اور آج انہی رولز کی Violation ہے جس کی وجہ سے آج یونیورسٹی کے طلباء اور طالبات کا یہ حال ہوگیا ہے، تو میں۔۔۔۔۔۔

محترمہ نعیمہ کشور: سپیکر صاحب! میں اس میں ایک بات Add کرنا چاہوں گی کہ یہ رول نمبر یونیورسٹی والوں نے ٹی سی ایس کے حوالے کئے۔ ٹی سی ایس مردان کی میں مثال اگر دوں تو پینتیس، چالیس کلومیٹر کے فاصلے پر یہ تخت بہائی کے علاقے آتے ہیں تو ان کی سروس ادھر نہیں تھی تو انہوں نے فون کئے طلباء کو کہ آپ آکر اپنا لے جائیں۔ وہ پینتیس، سینتیس کلومیٹر طے کرکے مردان جب آئے تو ان کو ایک فارم تھمایا کہ اسے آپ Fill کریں اور Next دن آجائیں۔۔۔۔۔

محترمہ زبیدہ خاتون: ابھی میری بات جاری ہے۔۔۔۔۔

محترمہ نعیمہ کشور: وہ بہت زیادہ Suffer ہوگئے اور اسی وجہ سے پھر ٹی سی ایس والوں کے ساتھ ان کا کچھ جھگڑا ہوگیا۔ ٹی سی ایس والوں نے یہ کام دوبارہ یونیورسٹی کو واپس بھیج دیا۔ اسی وجہ سے یہ سٹوڈنٹس جب پشاور آگئے اور یہ جو کل اور آج کے اخبارات میں آپ پڑھ رہے ہیں کہ یہ چیزیں ہوگئیں تو میرے خیال میں یہ اس کو بائی ڈاک اگر ان کے گھروں کو بھیجتے تو بہت اچھا ہوتا۔۔۔۔۔

محترمہ زبیدہ خاتون: سپیکر صاحب! میں نے ابھی اپنی بات ختم نہیں کی۔ اصل مسئلہ یہ ہے کہ کنٹرولر امتحانات جو کہ پہلے 19, 20 Grade کا تھا، اس کی جگہ کیوں 17, 18 Grade کی ایک خاتون کو لاکر بٹھایا جاتا ہے جو کہ Acting controller ہے اور پھر دو سال مسلسل اس کو رکھا جاتا ہے اور اس پر کوئی غور نہیں کیا جاتا؟ تو صوبائی حکومت سے استدعا ہے کہ وہ یونیورسٹی حکام تک یہ بات پہنچادے اور فوری طور پر اس کے خلاف ایکشن لیا جائے۔

جناب سپیکر: مولانا فضل علی صاحب۔

مولانا فضل علی (زیر تعلیم): بسم اللہ الرحمان الرحیم۔ شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ د ټولو نه اول خو سپیکر صاحب زۀ تاسو ته او تمام ایوان ته، حکومتی او د اپوزیشن بنچز ته دے نوے هال بانديا او په ديکبنې سيشن کولو بانديې مبارکبادی پیش کوم او سپیکر صاحب، په دیکبنې ستاسو لوئے Contribution

او حصه ده او زما هم به دغه امید وی چې لکه صوبائی اسمبلی د صوبه سرحد همیشه د پاره د یو جرګې سستم په طور باندې، رورولئ باندې چلیدلې ده، د اپوزیشن مثبت تنقید مونږه برداشت کړے دے، مثبت تجاویز مو د هغوی اغستې دی او بیا حکومت په هغې باندې خپل اقدامات هم کړی دی. د سټینډنګ کمیټو چې څومره سفارشات راغلې دی نو اکثر باندې مونږه عملدرآمد هم کړے دے نو زمونږه به د آئنده د پاره هم دغه امید او دغه توقعات وی چې ان شاءالله د دې صوبې په مفادو کښې، د دې صوبې د عوامو په مفادو کښې دا اسمبلی به مونږه د یو جرګې په طور باندې چلوؤ او ان شاءاللّٰه زمونږه او د اپوزیشن په مینځ کښې به داسې څه حالات نه جوړیږی لکه څنګه چې نورو صوبو کښې دی. د صوبه سرحد او بیا د پښتنو خپل خصوصیات دی، ان شاء اللّٰه دا به جاری او ساری وی نو زهٔ تاسو ته او تمام ایوان ته یو ځل بیا مبارکبادی پیش کوم. څو پورې چې دا د امتحانی نظام خبره دوئ اوکړه چې پرائیویټ هلکانو ته او پرائیویټ جینکو ته رول نمبرے نه دی ملاؤ شوی، سپیکر صاحب، دریمه ورځ ده په هغې باندې مونږه باقاعده ایکشن اغستې دے. مسئله دا ده چې یونیورسټۍ Autonomous bodies دی او هغوی خپل ځان د صوبائی حکومت نه او د هر څیز نه آزاد ګڼړی، ډائریکټ د ګورنر صاحب د لاندې وی نو مونږه ته بیا دغه مشکلات وی چې زمونږه هلته کښې بیا ګرفت هم نه وی او زمونږه وس او طاقت هم په هغوی باندې نه وی نو مونږه مجبوره یو چې بیا مونږه ګورنر صاحب ته ریکویسټ کوؤ. دریمه ورځ شوه چې ما ګورنر صاحب سره رابطه کړې ده چې ما ته ټائم راکړی ځکه چې د سیدو میډیکل کالج هغه مسئله هم پاتې ده او دے سره دغه هم ډیره اهمه مسئله وه بهرحال دومره سحر ما ته اطلاع وه چې ګورنر صاحب په دې باندې نوټس اغستې دے. زهٔ به نن کوشش کوم چې د اسمبلئ د اجلاس نه بعد باقاعده ورسره په دې باندې ملاقات اوکړم او د دوئ خلاف کارروائی، ځکه چې دا ډیر ظلم شوے دے. حقیقت دا دے زمونږه ممبرانو چې کومې خبرې اوکړے په دې باندې نو دا هم ډیرے کمې دی، ډیر ظلم او زیاتے شوے دے چې هلکانو ځان د امتحان د پاره تیار کړے دے او سبا له امتحان شروع دے او بیا امتحان هم د هغوی لیټ شو او

صرف د دوئ د غفلت د وجې نه۔ د ومره په اربونو باندېروپئ په یونیورسټو باندې خرچ کیږی، په اربونو باندېروپئ هائر ایجوکیشن ته ورکړے شوے او بیا هم چې هغوی خپل نظام نه شی ټهیک کولې، سسټم نه شی ټهیک کولې نو د هغوی خلاف ظاهره خبره ده چې خامخا قدم اوچتول پکار دی نو په دې سلسله کښې زما به نن هم کوشش وی چې زهٔ ګورنر صاحب سره ملاقات اوکړم۔

جناب سپیکر: صابرہ شاکر صاحبہ۔

محترمہ صابرہ شاکر: بسم اللہ الرحمان الرحیم۔ اس ہال میں بیٹھ کر مجھے اپنا ایک پرانا شعر یاد آجاتا ہے کہ

جہان نو کی بنیاد اس طرح تعمیر کر جاؤ　　　کہ اپنا نام پہلی اینٹ پر تحریر کر جاؤ

فقط سانسوں کی گنتی ہی کو جینا تو نہیں کہتے　　　دو ایک واقعات کو قابل تحریر کر جاؤ

اور اگر دیکھا جائے تو واقعی یہ قابل تحریر واقعہ ہے اور اس کا کریڈٹ سر، آپ کو جاتا ہے اور بہت دل کرتا ہے کہ پورا صوبہ سرحد ہی اتنا خوبصورت ہو جائے اور دعا تو یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اگلی دفعہ جو بھی حکومت آئے، ان میں اتنی Potential ہو کہ وہ ان ننانوے ناموں کے نیچے بیٹھ کر اس کی لاج رکھیں اور اللہ تعالیٰ اس صوبہ سرحد اور Especially پورے پاکستان سے کرپشن جو ہمارے لئے بہت بڑا مسئلہ بنا اس سے اس کا اختتام ہو جائے لیکن اس کے ساتھ ہی ایک اور میں ریکویسٹ کرنا چاہتی ہوں کہ جب ہم Enter ہوتے ہیں تو وہاں پر بسم اللہ لکھا جاتا ہے وہ Red colour کا ہوتا ہے حالانکہ میرا خیال ہے کہ Green colour جو ہے وہ امن کی نشاندہی کرتا ہے۔ اگر سپیکر صاحب اس کو Red colour سے Change کر کے Green کر دیں تو وہ زیادہ خوبصورت بھی ہو گا اور امن کی نشانی اور پاکستان کی نشانی بھی ہے۔ شکریہ۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! میرا ایک پوائنٹ آف آرڈر ہے۔ کل میں نے آپ سے ریکویسٹ کی تھی۔۔۔۔

جناب سپیکر: ہاں سنا تھا جی۔ شہزادہ محمد گستاسپ خان صاحب لیڈر آف دی اپوزیشن۔

جناب شہزادہ محمد گستاسپ خان (لیڈر آف دی اپوزیشن): Thank you very much. بھولتے بھولتے آپکو میں یاد آ گیا۔

جناب سپیکر: کیا؟

جناب شہزادہ محمد گستاسپ خان (لیڈر آف دی اپوزیشن): آپ تو بھول چکے تھے لیکن اچھا ہے میں یاد آگیا۔ میں عبدالاکبر خان کا شکر گزار ہوں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اگر آپ کو میں بھول جاؤں تو شاید اپنے آپ کو بھی بھول جاؤں۔

جناب شہزادہ محمد گستاسپ خان (لیڈر آف دی اپوزیشن): یہ بھی ٹھیک ہے۔ Sir! I am grateful for the compliments. آپ کو یاد ہوگا کہ جب 1985 میں جمہوریت Revive ہوئی تو ہم رورل اکیڈمی میں بیٹھا کرتے تھے، That was a temporary arrangement لیکن وہ جو Arrangement تھی، وہ 1970 کی اسمبلی سے جاری تھی تو جمہوریت کے اس سفر میں پھر خدا نے کیا ہمیں اور یجنل جو بلڈنگ تھی جو کہ 44 نمائندوں کے لئے بنائی گئی تھی، اس میں پھر 83 ممبرز بیٹھے، گنجائش بنائی گئی اور پھر اس دفعہ 124 ممبروں کو اس میں سمیٹا گیا لیکن بہر حال سر، جیسے بھی وہ بلڈنگ تھی یا جو کچھ بھی تھی یا ہم تنگ تھے یا ہمیں پریشانی تھی لیکن اللہ کے فضل و کرم سے آپ کی قیادت میں اسمبلی میں ہم نے کوئی کسر باقی نہیں چھوڑی، عوامی نمائندگی کا ہم حق ادا کرتے رہے اور آج یہ ایک خوبصورت موقع ہے۔ خدا کے فضل و کرم سے جمہوریت کے اس سفر میں ایک اور خوبصورت باب کا اضافہ ہوا ہے اور اس کے لئے میں آپ کو، اسمبلی کے ممبران کو، سارے Colleagues کو مبارکباد پیش کرتا ہوں اپوزیشن کی طرف سے (تالیاں) اور سر، وہ لوگ جو ہمارے سامنے بیٹھے ہیں، جنہوں نے آپ کی قیادت میں اور تمام ممبران اسمبلی کی جو آپ نمائندگی کرتے تھے، آپ پر Confidence تھا اور یہ افسران جو ہمارے سامنے بیٹھے ہیں، سیکریٹریز اور انجینیئرز، سارے ہمارے بھائی جنہوں نے آپ کی قیادت میں یہ کوشش کی کہ یہ جلد سے جلد تکمیل کے مراحل طے کرے اور ہم لوگ اس خوبصورت ہال میں بیٹھیں تو آج وہ موقع خدا نے نصیب کیا اور میں سمجھتا ہوں سر، جمہوری ادارے جب تک، جمہوریت کی خوبصورتی جو ہے، وہ جمہوری اداروں کا قیام ہے، میں سمجھتا ہوں کہ یہ جو سٹرکچرز بنائے جاتے ہیں، یہ فضول نہیں ہوتے، ہمارے جرگے درختوں کے نیچے بھی ہو سکتے ہیں، سڑکوں پر بھی ہو سکتے ہیں، مختلف مقامات پر بھی ہو سکتے ہیں لیکن سر، ان اداروں کو جو کہ جمہوریت کو اتنا ضروری نہیں سمجھتے، ایسے سٹرکچرز اور مضبوط جمہوریت کے قلعے بنا کر یہ پیغام دینا بھی بڑا ضروری ہے کہ ہم بھی Deserve کرتے ہیں کیونکہ ہم لوگوں کے نمائندے ہیں اور

لوگوں کی نمائندگی اس ہال میں بیٹھ کر کرتے ہیں، ہم اپنی بات نہیں کرتے ہیں۔ تو آج سر، میں یہ سمجھتا ہوں کہ اللہ نے یہ توفیق دی اور 1935ء میں جب کونسل تھی، لیجسلیٹیو کونسل تھی، پھر لیجسلیٹیو اسمبلی بنی اور آج پر اونشل اسمبلی اپنے صحیح مقام پر آکر بیٹھ گئی ہے اور اللہ کرے گا کہ اس صوبے کی خدمت جو کہ ہم نے ان ایوانوں میں جہاں پر کوئی گنجائش نہیں تھی، وہاں بھی بیٹھ کر ہم جاری و ساری رکھ سکے ہیں اور اب زیادہ خوبصورتی سے ان شاءاللہ عوام کی نمائندگی ان جگہوں پر کریں گے۔ Thank you, Sir۔

جناب سپیکر: گورسرن لال صاحب۔ عبدالاکبر خان، میں آپ کو موقع دوں گا۔ گورسرن لال صاحب!

جناب گورسرن لال: سپیکر صاحب! میں اقلیت کی طرف سے آپ کو اور آپکی ٹیم کو مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ آپ نے بہت کم وقت میں ایک ایسے منصوبے کو تکمیل تک پہنچایا ہے کہ صوبہ سرحد کی پوری قوم آپ پر فخر کرتی ہے۔ ایسے منصوبے تو سالوں سال چلتے ہیں لیکن آپ نے اس میں خود دلچسپی لی ہے اور اس دلچسپی کی وجہ سے آپ نے اس کوشش کو اس وقت ہمارے سامنے ایک تکمیل کی صورت میں پیش کیا ہے تو میں آپ پر اور پورے بونیر کے عوام بھی آپ پر فخر محسوس کرینگے کہ آپ نے ان کے ضلع کا نام بھی روشن کیا ہے اور میں اقلیت کی طرف سے آپ کو اور آپ کی ٹیم کو اور آپ کے ساتھ اس کنسٹرکشن میں جن لوگوں نے حصہ لیا ہے، ان کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ اس میں ایک تھوڑی سی تجویز آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں کہ ہمارے جو قائد ہیں، قائداعظم جی، ان کی تصویر یہ بہت چھوٹی ہے اور اس ہال کے ساتھ Suit نہیں کرتی، اگر اس کو بڑی کردی جائے تو بہت بڑی مہربانی ہوگی کیونکہ ہمارے قائد بھی ہیں جنہوں نے آج ہمیں یہ آزاد ملک دیا ہے، اگر ان کی تصویر بڑی کی جائے تو بڑی مہربانی ہوگی۔ شکریہ، جناب سپیکر۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: سب سے پہلے تو میں تمام معزز اراکین اسمبلی کا انتہائی مشکور و ممنون ہوں، انہوں نے جن خیالات اور جذبات کا اظہار کیا، میرے پاس الفاظ نہیں ہیں کہ ان کو کن الفاظ میں خراج تحسین پیش کروں۔ یقیناً پچھلے ساڑھے چار سال سے انہوں نے جن حالات میں پرانے ہال میں برداشت کا اور صبر کا مظاہرہ کیا ہے تو میں ان کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ (تالیاں) کیونکہ وہاں پر اگر بیس ممبران حاضر ہوتے تو میں سمجھ جاتا تھا کہ بھئی ایوان مکمل ہے۔ آج میرے خیال میں 80 سے اوپر ممبران جو ہیں، وہ اس

ایوان میں موجود ہیں لیکن پھر بھی میں سوچ رہا ہوں کہ کہیں کورم کا مسئلہ کوئی معزز رکن نہ اٹھائے اور سب سے جو اہم بات ہے، ساڑھے چار سال میرے انتہائی قابل احترام پریس کے بھائی جن کے چہرے مجھے بالکل نظر نہیں آرہے تھے، آج الحمدللہ ان کا رول اور کردار اس معاشرے میں اور بالخصوص موجودہ حالات کے تناظر میں جو کردار وہ ادا کر رہے ہیں تو وہ سامنے نظر آرہے ہیں اور اسی طرح وزیٹر گیلریز بھی اور یہ تو عوامی نمائندوں کا فرض بنتا ہے اور Transparency کا یہ تقاضا ہے کہ عوامی نمائندوں کا ہر ایک ایکشن اور ہر ایک عمل عوام کے سامنے، میڈیا کے سامنے اور سب کے سامنے نظر آئے۔ دوسری بات جو کہ ہماری ایک بہن اکثر شکایت کرتی تھیں کہ سپیکر صاحب، میں آپ سے رولنگ چاہتی ہوں کہ میں اپوزیشن میں ہوں یا حزب اقتدار میں ہوں تو الحمدللہ آج وہ اپنی سیٹ پر یعنی ٹریژری بنچز پر ہیں، میں ان کو ان کے صبر پر داد دیتا ہوں مگر جہاں تک معزز اراکین اسمبلی نے وقتاً فوقتاً جو مشورے، جو تجاویز دی ہیں تو میں ان کا انتہائی ممنون ہوں اگرچہ آج بھی ان کی توقعات کے مطابق یہ ہال مکمل نہیں ہے، اس میں Simultaneous Interpretation System موجود نہیں ہے اور میں نے پہلے بھی معزز اراکین اسمبلی کو اس کمی کی نشاندہی کی تھی اور انہوں نے تعاون کا یقین دلایا تھا تو الحمدللہ آج ان کے تعاون سے یہ اجلاس ممکن ہو سکا اور ہم اس ایوان میں اکھٹے بیٹھے ہیں اور یہ بجا ہے جن معزز اراکین، بلکہ سب کی یہ خواہشات ہیں اور یہ جذبات ہیں کہ ہم، مجھے نسرین خٹک کی وہ بات یاد ہے کہ جب ہم اللہ کے فضل سے پانچ سال پورے کریں، بجائے اس کے کہ اب ہم ایک دوسرے کو مبارکباد دیں تو جب ہم یہاں سے رخصت ہو رہے ہوں تو اس صوبے کے عوام ہمیں مبارکباد دیں (تالیاں) تو میری یہ خواہش ہو گی کہ جب ان شاءاللہ یہ جمہوریت اور جمہوری اداروں کا تسلسل برقرار رہے اور جب ہم عوام میں جائیں تو اللہ کرے کہ ہم سرخرو ہو کر ان کی توقعات پر پورا اتریں اور سرخرو ہو کر ان کے پاس جائیں۔ جہاں تک ورکس اینڈ سروسز ڈیپارٹمنٹ کا تعلق ہے، آپ نے یہاں پر اپنے جذبات کا اظہار کیا لیکن میں بھی اگر ان کو خراج تحسین پیش نہ کروں، دن رات انہوں نے ایک کر کے ناممکن کام کو ممکن بنا دیا ہے۔ (تالیاں)

اس کے ساتھ ساتھ اس فرم یعنی، حسنین کنسٹرکشن کہ جن کی یہ ذمہ داری تھی اور جن نامساعد حالات میں انہوں نے اس پراجیکٹ کو تکمیل تک پہنچایا ہے تو میں اپنی طرف سے، معزز ایوان کی طرف سے اور صوبہ

سرحد کے عوام کی طرف سے ان کو بھی خراج تحسین پیش کرتاہوں کہ انہوں نے بالکل اس کو ایک چیلنج کے طور پر لیا تھا کہ نفع و نقصان کو بالائے طاق رکھتے ہوئے وہ اس معزز پراجیکٹ کو مکمل کرنے کا یہ اعزاز ضرور حاصل کرنا چاہتے ہیں تو واقعی انہوں نے اس چیلنج کو قبول کیا تھا اور اس وعدے کا ایفاء کیا تو میں انہی الفاظ کے ساتھ ان کو بھی مبارکباد دیتا ہوں (تالیاں) اور لیڈر آف دی ہاؤس کی بھی خواہش تھی کہ وہی اسلام آباد سے مجھے فون کیا کہ جتنا جلد ممکن ہو سکے تو میری یہ خواہش ہے کہ یہ معزز اراکین اسمبلی اس ایوان میں اجلاس کر سکیں، اس میں بیٹھ سکیں تو الحمد اللہ آج آپ سب کی اور ان کی یہ خواہش تکمیل کو پہنچی۔ یہاں پر اگر میں اس کی وضاحت نہ کروں، یہ خوشامد گری یا Flattering پر محمول نہ کیا جائے کیونکہ اس کرسی اور اس پوزیشن کا یہ تقاضا ہے لیکن خدا گواہ ہے کہ اگر میں یہ ذکر نہ کروں کہ جب ورکس اینڈ سروسز اور اس فرم والوں نے مجھے شکایت کی کہ فنڈز کی کمی کی وجہ سے ہمیں مشکلات کا سامنا ہے تو ہم نے پہلی فرصت میں سی ایم صاحب سے رابطہ کیا اور انہوں نے بلا تاخیر میٹنگ بلا کر خود Preside کیا اور جتنا ڈیمانڈ کیا تھا تو انہوں نے کہا Within two days اگر بیس کروڑ روپے آپ نے ورکس اینڈ سروسز کے ڈسپوزل پر نہیں رکھے، فنانس والوں کو انہوں نے ہدایت دی اور اگلے روز مجھے کاپی بھی ملی اور وہ رقم بھی مہیا ہو گئی (تالیاں) تو اس تعاون سے اس پراجیکٹ کو پایہ تکمیل تک جو کہ ابھی Final stages میں ہے، "ہے جستجو کہ خوب سے ہے خوب تر کہاں" ان شاءاللہ آئندہ اجلاس جب ہو گا تو ان شاء اللہ آپ کسی کمی کو محسوس نہیں کرینگے۔ اسی کے ساتھ میں آپ کا مشکور ہوں۔

الحاجیہ غزالہ حبیب: جناب سپیکر! غالبہ کے ساتھ میں نے بھی ریکویسٹ کی تھی کہ چونکہ میں بھی جنرل سیٹ پر آئی ہوں تو مجھے Elected Members کے ساتھ سیٹ دی جائے لیکن میری بات نہیں سنی گئی۔ Thank you.

جناب سپیکر: جی؟

الحاجیہ غزالہ حبیب: مسٹر سپیکر! غالبہ نے جب کہا تھا تو میں نے بھی آپ سے ریکویسٹ کی تھی کہ چونکہ میں جنرل سیٹ پر آئی ہوں تو مجھے بھی Elected Members کے ساتھ سیٹ دی جائے۔ Thank you.

جناب سپیکر: اچھا۔ جناب وزیر اعلیٰ صاحب۔

(تالیاں)

<u>جناب اکرم خان درانی (وزیر اعلیٰ)</u>: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ محترم سپیکر صاحب! سب سے پہلے تو میں اس نئے ہاؤس میں آنے پر خصوصاً آپ کو کیونکہ آپ اس ہاؤس کے سربراہ ہیں، اپنی طرف سے اور تمام معزز اراکین کی طرف سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ ہمیشہ ایسے لوگ جن کو ایک جمہوری طریقے سے پورے صوبے کے عوام جو کہ کروڑوں کی تعداد میں ہوتے ہیں، اپنے ضلع کے اندر اور پھر ایک صوبائی حلقے کے اندر جو نمبر ون حیثیت دیتے ہیں، وہ عزت اللہ تعالیٰ نے اس ہاؤس کے ممبران کو بخشی ہے۔ جمہوری طریقے سے اس کا جو وقار ہے، وہ آپ مجھ سے زیادہ جانتے ہیں اور ہمیشہ ہمارے مذہب اسلام میں بھی جو کہ مشاورت ہوتی ہے اور مشاورت سے جن لوگوں کا انتخاب کیا جاتا ہے، ان کو وہ اپنا امیر تسلیم کرتے ہیں اور پھر اسلام میں واضح ہے کہ وہ بھی ان کی اطاعت بھی کرتے ہیں اور ان کی بات بھی مانتے ہیں تو میری دلی خواہش تھی ایک افسوسناک دن مجھے یاد ہے پانچ سال سے پہلے جب یہاں پر آرمی کی گورنمنٹ آئی اور انہوں نے Take over کیا تو یہاں پر آپ کی Chair پر ہمارے سپیکر صاحب تھے چمکنی صاحب، میں خود بھی پشاور میں تھا، ان کے پاس آیا اور اخبارات میں ایک عجیب سی خبر آئی تھی اور جو ہم اور آپ جیسے لوگوں کو کچھ معلومات اخبارات کے علاوہ بھی ہوتی ہیں، وہ یہ تھی کہ اس معزز ایوان کو ان معزز لوگوں کے لئے کٹہرے کی شکل میں عدالت بنایا جائے اور یہ میرے خیال میں ایک بدترین دن، بدترین تاریخ کے وہ الفاظ جو کہ گونجتے تھے اور میں نے خود بھی آکر سپیکر صاحب سے کہا اور سپیکر صاحب کی بھی اور ہم سب کی بھی یہ کوشش ہوئی کہ یہاں پر چونکہ کچھ لوگوں کا خیال تھا کہ جن لوگوں کو پورے صوبے کے عوام بڑی عزت اور وقار دیتے ہیں اور انہیں اپنا لیڈر تسلیم کرتے ہیں، خواہ وہ نیشنل اسمبلی کے اراکین ہوں یا صوبائی اسمبلی کے ہوں اور شاید کوئی سوچ تھی کہ آپ کی سیٹ پر کوئی ایسا جج بیٹھے اور جو آپ کے نیچے کے لوگ ہیں، وہ اس کے سامنے ملزم کی طرح پیش ہوں لیکن اس وقت بھی شکر ہے کہ اس ایوان کے تقدس کو برقرار رکھا گیا اور اس خیال کو عملی شکل نہیں دی گئی۔ ایک انتہائی افسوس کی بات جو کہ تاریخ لکھی جاتی ہے اور یہ ہمیشہ کے لئے ہوتی ہے، جو مجھے خود بھی دکھ ہے اور یہ دکھ نسلوں تک ہوگا، وہ ایم پی اے ہاسٹل جس میں ہمارے انتہائی باوقار لوگ، میری نظر میں جو لوگ بیٹھے ہوئے ہیں، ان سے زیادہ باوقار لوگ اور ہو نہیں سکتے جو یہاں پر

اس ایوان میں ہیں، وہاں پر بھی اس معزز رہائش کی جگہ کو تھانے کی شکل دی گئی اور پھر انہی لوگوں کو ملزموں کی طرح وہاں پر ٹھہرایا گیا جو کہ یہ بھی ایک بدترین وقت تھا اور جب جمہوری لوگ خود اپنی جگہ کی عزت اور تقدس کا خیال رکھیں گے تو کوئی دوسرا اس کی طرف نہیں دیکھے گا۔ میری دلی خواہش تھی، آپ کو معلوم ہے کہ اس پورے ہال کی، پوری اسمبلی کی بلڈنگ کی آپ نے سرپرستی کی اور جب کوئی کمی آپ نے محسوس کی اور کبھی رات کو یا دن کو آپ نے بات کی تو میں نے کہا کہ سب سے زیادہ حق اس معزز اسمبلی کے ممبران کے بیٹھنے کی جگہ کا ہے اور پھر ان کی رہائش کا ہے اور آج شکر ہے کہ یہاں پر ہم ایک اچھے ذہن کے ساتھ اور آسائش سے وہاں پر جو ہم بیٹھے تھے، اس طرح تو میرے خیال میں کسی سکول کا کلاس بھی نہیں ہوتا ہے، جب وہاں پر سٹوڈنٹس اس میں بیٹھتے ہیں، اس کے لئے بھی ہمارے ایجوکیشن کے منسٹر صاحب نے ایک پالیسی دی کہ ایک چالیس کے ریشو پر ہم کلاس کا بھی تعین کریں کہ اس میں اکتالیسواں سٹوڈنٹ نہ بیٹھے لیکن میرے خیال میں جس انداز سے ہم آپکی طرف دیکھتے تھے تو اس کے بعد عبدالاکبر خان کو جب جاتا تھا تو اس کو تو یہاں پر تکلیف ہوتی تھی باقی مجھے معلوم نہیں لیکن آج۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: اسے اسمبلی ہال نہیں کہتے تھے، وہ ڈیبیٹنگ ہال کہلاتا تھا۔

<u>جناب (وزیر اعلیٰ)</u>: آج خدا کا فضل ہے اور یہاں پر جو ساتھ ایک خوبصورتی ہوتی ہے ایوان کی اور کارروائی جو پوری دنیا کو بتاتے ہیں، وہ آپ کے صحافی بھائی ہیں، آپ کے ٹی وی چینلز ہیں، آپ کی پریس میڈیا ہے تو اس طرح جس تکلیف سے وہ ادھر بیٹھتے تھے، وہ بھی اس عظیم پیشے کی نسبت سے میرے خیال میں ان کے بیٹھنے کے لئے میں مناسب نہیں سمجھتا تھا کیونکہ وہ بھی ایک عظیم پیشہ ہے اور آپ کی ایک سائڈ پر آپ کی جو گورنمنٹ چلاتے ہیں، آپ کے جو ہاتھ اور پاؤں ہیں جو کہ آپ کے سیکرٹریز ہیں، آپ کے چیف سیکرٹری صاحب ہیں، آئی جی ہیں، پولیس ہے اور ان کے نیچے آپ کی جتنی بھی صوبے کی مشینری کو چلاتے ہیں، وہ لوگ بھی جس حیثیت میں بیٹھتے تھے، وہ بھی بڑی تکلیف کی بات تھی اور پھر یہاں پر جو معزز لوگ آتے تھے جو کہ دیکھنے کی خواہش کرتے تھے اور اس کی وجہ سے آپ کو جتنی تکلیف تھی، آپ کے سٹاف کو جتنی تکلیف تھی اور یہ تکلیف چار سال میرے خیال میں آپ کے سٹاف نے برداشت کی۔ کبھی کبھی جذباتی لوگ آ کر انکے ساتھ لڑتے بھی تھے، ان کے ساتھ میرے خیال میں سخت باتیں بھی کی ہونگی تو میں ایک بار پھر

آپ کا، آپکے پورے اسمبلی سٹاف کا، میرے پاس وہ الفاظ نہیں ہیں کہ جو تکلیف آپ لوگوں نے برداشت کی کہ میں اس پر آپکا شکریہ ادا کروں اور میری یہ خواہش تھی جو کہ اللہ نے پوری کی تھی اور میرے خیال میں اس دن جب بریفنگ تھی، بشیر خان بھی بیٹھے تھے، عبدالاکبر خان بھی تھے، شہزادہ صاحب بھی تھے، انور کمال خان بھی تھے، جو کہ ہم نے ورکس کی وہ ایک میٹنگ کروائی تھی، اس وقت آپکے پیچھے کی جو سائڈ تھی، وہ تو صرف کاغذوں میں تھی، میں نے ایک ہی بات کی تھی کہ ہم اس کرسی پر آپ کو ایک دن دیکھنا چاہتے ہیں، وہ خواہش بھی اللہ تعالیٰ نے ہمارے سب ممبران اسمبلی کی پوری کی اور میں ایک بار پھر آپ کو مبارک باد پیش کرتا ہوں (تالیاں) اور یہ جو آئندہ آنے والا وقت ہے، وہ ان شاءاللہ عوام کا ہے، جو بھی فیصلے کرتے ہیں جمہوری اداروں میں، ہر ایک اس کو تسلیم کرتا ہے، آپ ہیں، ہمارے دوسرے ساتھی ہیں، یہ ان لوگوں پر منحصر ہے لیکن ایک خوبصورت ہال جو یہاں پر ان شاءاللہ اور جب ہم اسلام آباد میں جاتے تھے یا دوسرے ہال دیکھتے تھے تو ہمیں ضرور یہ خوشی ہوتی تھی کہ ہم، اس صوبے کے لوگوں نے جو پورے ملک کے لئے قربانی دی ہے اور دے رہے ہیں اور ہمارے صوبے کے وسائل سے بھی زیادہ فائدہ ہو رہا ہے تو ایک بار پھر آپ کو بھی اور پورے ایوان کو اور جتنے بھی پارلیمانی لیڈر ہیں ہمارے، ان کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

(تالیاں)

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: اجازت ہے؟ پوائنٹ آف آرڈر ہے، سر۔ جناب سپیکر! کل بھی میں نے۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: یہ تو ضمنی بجٹ پر ڈسکشن ہے۔

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: نہیں، میں نے کہا تھا کہ پوائنٹ آف آرڈر، سر۔

<u>جناب سپیکر</u>: کیا؟

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: تو پوائنٹ، میں اگر بتادوں پھر نہیں بنتا تو آپ رولنگ دے دیں کہ نہیں بنتا۔

<u>جناب سپیکر</u>: نہیں نہیں، پوائنٹ۔۔۔۔۔

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: نہیں، مطلب ہے کہ اگر نہیں بنتا تو چیئر کے پاس اختیار ہے کہ وہ رولنگ دے دے کہ یہ نہیں بنتا۔

جناب سپیکر: اچھا، اچھا۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! کل میں نے بتایا تھا اور جس طرح بشیر خان نے ابھی کہا کہ ہم نے کافی کٹ موشنز میں ووٹنگ کی، اسلئے یہ Unanimously passed Budget نہیں کہلایا جا سکتا اور جناب سپیکر، آپ کو معلوم ہے کہ ہمارے صوبے کے وسائل کا ہمارے ٹوٹل بجٹ میں پانچ فیصدی حصہ ہوتا ہے اور پچانوے فیصدی جو باہر سے پیسہ آتا ہے، اس پر منحصر ہوتا ہے اور خاصکر اس میں Divisible pool کا Share بہت زیادہ ہوتا ہے لیکن جناب سپیکر، جو ہمارے صوبے کے ساتھ اور زیادتیاں ہو رہی ہیں یا ہوتی ہیں، ان میں ایک زیادتی یہ بھی ہے لیکن میں صرف آپ سے رولنگ مانگوں گا، میں اس کو ڈسکشن پوائنٹ نہیں بنانا چاہتا، میں صرف دو تین پوائنٹس آپ کے سامنے رکھوں گا اور پھر آپ کا رولنگ اس پر چاہوں گا۔ میں اس کو ڈیبیٹ کا پوائنٹ نہیں بنانا چاہتا۔ جناب سپیکر! ہمیں ایک کتاب دی گئی کہ قومی مالیاتی کمیشن کسی حتمی نتیجے پر نہیں پہنچ سکا، لہذا یہ مسئلہ صدر پاکستان کے سامنے اس درخواست پر پیش کیا گیا کہ ایک منصفانہ اور مساویانہ ایوارڈ کا اعلان کریں این ایف سی کا۔ جناب سپیکر! میرا پہلا پوائنٹ ہے کہ Whether a Constitutional institution can delegate its powers to another Constitutional institution? یہ میرا پہلا پوائنٹ ہے کہ این ایف سی جو کہ ایک institution ہے، کیا وہ اپنا Power delegate کر سکتی ہے ایک دوسرے Institution، پریزیڈنٹ کو؟ نمبر 1، دوسرا جناب سپیکر، اس میں یہ کہا گیا ہے کہ یہ 2006 کا جو ایوارڈ ہے، اس میں ترمیمی ایوارڈ ہے، میرا دوسرا پوائنٹ ہے کہ Whether the President can make amendment in the already announced award? یہ دو پوائنٹس یہ ہیں کہ کیا پریزیڈنٹ جو Already announced Award ہے، اس میں Amendment کر سکتا ہے کیونکہ آرٹیکل 160(6) کے تحت "At any time before an Order under clause (4) is made," تو سر، اگر آپ ذرا اس کو دیکھیں، اسکی Sequence کو دیکھیں، "At any time before an Order under clause (4) is made, the President may, by an Order, make such amendments or modifications" یعنی President can make amendments and modifications only when the award is not yet announced. In this case the amendment has been made in the already announced

award. So the Constitution is very clear that he can make amendments in the NFC award only before it is announced. Once it is announced, پھر پریذیڈنٹ کے ہاتھ بندھ جاتے ہیں۔ تو میرا دوسرا Constitutional point یہ ہے کہ کیا پریذیڈنٹ کے ساتھ Already announced award میں ترمیم کا اختیار ہے؟ جو سب آرٹیکل (6) میں کہتا ہے تو نہیں ہے۔ دوسرا جناب سپیکر، کہتے ہیں کہ جی کسی نتیجے پر نہیں پہنچ سکے، Consensus نہیں ہوئی، میرا تیسرا پوائنٹ ہے کہ Whether a consensus on the NFC is must and if yes, under what provisions of the Constitution? کہ کیا این ایف سی کے جو Recommendations ہیں، اس کے لئے Consensus must ہے؟ اور اگر ہے، جس طرح کہتے ہیں تو پھر Constitution کے وہ کونسے Articles اور Provisions ہیں جن کے تحت یہ Consensus must ہے کہ وہ ہو؟ تیسرا جناب سپیکر، میرا پوائنٹ یہ ہے Whether Provinces having eight votes out of nine in the NFC, این ایف سی جب بنتی ہے تو صوبے کے دو دو ہوتے ہیں تو چار صوبوں کے آٹھ ہو گئے اور فیڈرل گورنمنٹ کا ایک ووٹ ہوتا ہے، ٹوٹل 9 votes یں، کیا ان 9 votes میں آٹھ Votes میں 50% shares پر Agree نہیں کیا گیا تھا کہ ہمیں مرکز سے جو ریونیو کی Shares ہیں، وہ 50% صوبوں کو دی جائیں؟ اور چوتھا اور آخری میرا پوائنٹ یہ ہے کہ کیا Constitution میں صوبوں کے درمیان وسائل کی تقسیم کا کوئی ذکر ہے؟ کیونکہ Constitution کے جو آرٹیکل 160(2) کے تحت یہ کہتے ہیں کہ "It shall be the duty of the National Finance Commission to make recommendations to the President as to the distribution between the Federation and the Provinces of the net proceeds" یعنی صرف مرکز اور صوبوں کے درمیان وسائل کی تقسیم کی بات ہو گی تو جناب سپیکر، میں توجہ چاہتا ہوں۔

جناب سپیکر: جی، جی۔

جناب عبدالاکبر خان: وسائل کی تقسیم صوبوں اور مرکز کے درمیان Must ہے۔ نیشنل فنانس کمیشن کی ڈیوٹی یہ ہے کہ وہ مرکز اور صوبوں کے درمیان وسائل کی تقسیم کرے۔ یہ چار پوائنٹس میں نے آپ کے

سامنے رکھے جناب سپیکر، اور ان چار پوائنٹس اگر میرے صحیح ہیں تو پھر میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ سارا ایوارڈ غلط ہے جس پر سارا بجٹ بنایا گیا ہے۔ شکریہ، جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: عبدالاکبر خان! آپ نے جو نکتہ اٹھایا ہے Constitutionally این ایف سی ایوارڈ پر، چونکہ یہ انتہائی اہم نکتہ ہے اور اس پر Deliberations اور انتہائی غور و خوض کی ضرورت ہے، لہذا میں اس پر اپنی رولنگ جو ہے، وہ Reserve رکھتا ہوں۔

جناب اکرم خان درانی (وزیر اعلیٰ): جو نکتہ این ایف سی پر عبدالاکبر خان صاحب نے اٹھایا ہے، وہ انتہائی اہم ہے۔ باقی تو شاید اگر ضرورت پڑی تو پوری ڈیبیٹ میں وہ ہم جو لیگل سائڈ ہے، اس پر ضرور بات کریں گے لیکن ایک بات میں واضح کرنا چاہتا ہوں اس ایوان میں اور وہ شاید چار صوبے ہیں پاکستان کے، ایک ہمارا ہے، سندھ ہے، بلوچستان ہے اور پنجاب ہے، این ایف سی پر جس طریقے سے، یہاں پر سراج الحق صاحب نہیں ہیں، چونکہ فنانس منسٹر جو ہوتا ہے، وہ بھی اس کا ممبر ہوتا ہے اور ہم ساتھ ہوتے تھے، جس طریقے سے اس صوبے کی جو ہمیشہ یہاں پر ایک گورنمنٹ جو ہوتی تھی، ان سب کی تھی، کہ آبادی بھی ہونی چاہیئے لیکن اس کے ساتھ پسماندگی کو بھی ضرور شامل کرنا چاہیئے کیونکہ ہمارا صوبہ جو ہے، وہ انتہائی پسماندہ ہے اور اس کیس کو ہم اس حد تک آگے لے کر چلے کہ ایک دن چاروں چیف منسٹرز، چاروں فنانس منسٹرز، پرائم منسٹر، پریذیڈنٹ، ہم نے یہ اپنی بات مکمل اس پر تسلیم کی اور پنجاب سے پریذیڈنٹ نے بات کی کہ آپ آبادی سے تھوڑا سا ہٹ کر بھی واپس آئینگے اور انہوں نے بھی اس بات کو تسلیم کیا کہ ٹھیک ہے، اگر چار صوبے جو ہیں، میں وہ بات کروں گا، یہ ایک مقدس فورم ہے، اس میں کوئی ایسی بات نہیں کروں گا جو کہ کل ریکارڈ پر نہیں آسکتی اور میں ثابت نہیں کر سکوں گا لیکن بدقسمتی سے کہ وہاں پر سندھ کی جو گورنمنٹ تھی اور وہاں پر ایک فنانس منسٹر جو تھا، وہ ایک ایسی پارٹی سے تعلق رکھتا تھا جس کا قائد ملک سے باہر تھا اور انہوں نے کہا کہ ہم صرف اور صرف ریونیو کی بنیاد پہ اپنا حصہ مانگیں گے، اگر آپ 1% دیتے ہیں، آدھا دیتے ہیں، دو دیتے ہیں لیکن اس میں ہم نے انکار کیا اور ہم نے کہا کہ ہمارے سارے سنٹرل جو پاکستان کے اور فرانٹیئر کے Offices ہیں، وہ سندھ میں ہیں، بلوچستان کے بھی، فرانٹیئر کے بھی اور اسلام آباد کے بھی، اگر ایک دفعہ Revenue کی Collection سے یہ بات شروع ہوئی تو کل لوگ کہیں گے کہ یہ صرف کراچی کی بندر

گاہ ہے تو اگلے وقت میں سندھ کو بھی نہیں دیں گے۔ ہم نے اس کو مکمل Oppose کیا کہ ریونیو کی بنیاد پہ نہیں ہو گا۔ آبادی ہے، رقبہ ہے، پسماندگی ہے، اس پہ بات ہو سکتی ہے اور پھر جب بات نہ بنی تو ایک دن اس کے لئے سوا کیا کہ پریذیڈنٹ خود بات کریں گے وہاں پر جو لندن میں اسکے قائد ہیں لیکن پھر بعد میں دو دن ہم انتظار کرتے رہے لیکن وہ بات نہ بن سکی تو پھر اس کے بعد پریذیڈنٹ کو ایک اختیار دینے کی کوشش کی گئی کہ پریذیڈنٹ کو ایک اختیار دے دیں گے کہ وہ خود فیصلہ کر لیں۔ پنجاب کے چیف منسٹر نے غیر مشروط طور پہ اختیار دیا، سندھ کے چیف منسٹر نے غیر مشروط طور پر اختیار دیا، بلوچستان کے چیف منسٹر نے اختیار دیا، میرے پاس آج بھی ریکارڈ پہ ہے، میں نے صرف لکھا کہ این ایف سی ایوارڈ جس طرح عبدالاکبر خان چاہتا ہے کہ اس پہ قانونی آئینی تقاضے پورے ہوں تو اس کے بعد ہم آپ کو اجازت دے دیں گے۔ (تالیاں) میرے پاس Documents بھی ہیں اور اس کی ایک کاپی میں عبدالاکبر خان کو اور ایک ایک کاپی سارے پارلیمانی لیڈرز کو دے دونگا۔ اس کے بعد پھر میں نے دستخط کرکے بھیجا اور اسکی واضح دلیل یہ تھی کہ جب پریذیڈنٹ صاحب تقریر کرنے لگے تو انہوں نے اپنی Speech میں بھی کہا کہ فرانٹیئر کی گورنمنٹ نے مجھے اختیار نہیں دیا۔ (تالیاں) ہم جمہوری لوگ ہیں اور جب پریذیڈنٹ سامنے ہونگے تو بھی جمہوری بات کریں گے، جب پرائم منسٹر کے سامنے ہونگے پھر بھی اور اس صوبے کے وقار پہ، اس صوبے کی عزت پہ اور ایک جمہوری کلچر ہے، کبھی بھی اس پہ داغ لگنے کی کوشش ہم نے نہ کی ہے اور نہ کریں گے ان شاءاللہ اور میں یہ واضح کرنا چاہتا ہوں کہ جو طریقہ ہے کہ پرائم منسٹر کرے گا اور اس کے بعد پریذیڈنٹ کو جائے گا۔ میرے پاس ایک ثبوت میں نے رکھا ہے کہ چونکہ ایک ذمہ دار ایم ایم اے کی گورنمنٹ ہے اور میں نے یہ ریکارڈ پے بات لائی ہے اور پھر پریذیڈنٹ صاحب نے مجبور ہو کر ٹی وی پہ بھی آپ سب نے سنا ہو گا تو یہ وضاحت میں کرنا چاہتا تھا کہ جو نمائندگی کی آج آپ بات کر رہے ہیں، میں نے اس موقع پر بھی آپ کی نمائندگی اس انداز سے کی تھی۔ شکریہ۔

جناب سپیکر: جی عبدلاکبر خان۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! میں وزیر اعلی صاحب کا مشکور ہوں کہ انہوں نے بڑی Detail سے بات کی لیکن میرا پوائنٹ صرف یہی تھا کہ چاروں صوبے وسائل کی تقسیم پہلے مرکز اور صوبوں کے

درمیان ہوگی اور چاروں صوبے 50% پر راضی تھے۔ یہ صوبوں کے درمیان کا جو معاملہ ہے، یہ تو بعد میں پیدا ہوگا جب پہلے مرکز اور صوبوں کے درمیان تو فیصلہ ہو جائے۔ وہ تو سارے صوبے اس پر راضی تھے کہ ففٹی ففٹی ہو جائے لیکن اگر اختلاف تھا تو صوبوں کے اندر وسائل کی تقسیم پہ تھا کہ کوئی ایک چاہتا تھا، کوئی دوسرا چاہتا تھا۔ میرا پوائنٹ یہی ہے کہ اگر 50% اس صوبوں کا بات مان لی جاتی تو صوبوں پر اگر باقی اپنے وسائل سے یا اپنی تقسیم تھی، وہ بعد میں طے ہو سکتی تھی۔

جناب سپیکر: شکریہ۔

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: جن معزز اراکین کی طرف سے رخصت کی درخواستیں موصول ہوئی ہیں، وہ میں بغرض منظوری ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں: جناب سراج الحق صاحب، ایم پی اے، 28 اور 29 تاریخ کے لئے۔

Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

جناب سپیکر: The 'Ayes' have it. Leave is granted. ضمنی بجٹ برائے مالی سال 2006-2007 بشمول لازمی اخراجات پر عمومی بحث میں حصہ لینے والے اراکین کے اسماء گرامی تو یہ جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور صاحب۔۔۔۔۔

جناب افتخار احمد خان جھگڑا: سپیکر صاحب! یو سیکنډ۔ یو Point of order دے، دا ډیر ضروری دے جی۔۔۔۔

جناب سپیکر: جھگڑا خان۔

رسمی کارروائی

جناب افتخار احمد خان جھگڑا: دا وزیر اعلیٰ صاحب هم ناست دے، دا سیلابونه بیا راروان دی جی۔ مونږه خو چې راشی نو د هغې نه پس ژړا کوؤ خو چې شو پورې د دې موسمیاتو نه مو پته کړې ده نو دا وئیلې کیږی چې د تیر کال نه ډبل سیلاب راروان دے جی، زهٔ د صوبائی حکومت نوټس کښې راولمه چې دا پشاور او چارسده او دا ملحقه علاقې چې دی، د هغوی متعلق دوئ څه اقدامات کوی

لګیا دی؟ یعنی دې ته څه تیارې کیږی که نه چې اوبه راشی نو د هغې نه پس به بیا ؟

مولانا جہانگیر خان: جناب سپیکر صاحب! میں بھی عرض کرنا چاہتا ہوں۔ اجازت ہے؟

جناب سپیکر: اجازت ہے۔

مولانا جہانگیر خان: جناب سپیکر صاحب! میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا۔ ضلع چترال میں چار مختلف مقامات پر سیلاب نے آ کر تباہی مچائی ہے۔ دروش، بونی، رائین، مداد اور بوشو میں کئی گھریں مسمار ہو چکے ہیں، دکانیں، فصلیں اور باغات برباد ہو چکے ہیں اور جناب والا، دروش میں انسانی جان کا بھی ضیاع ہو چکا ہے، کل آپ نے اخباروں میں پڑھا ہو گا۔ لہٰذا میں صوبائی حکومت سے درخواست کرتا ہوں کہ فوری طور پر ان کو ریلیف پہنچائی جائے اور جن کھیتوں میں سیلاب کا پانی کھڑا ہے، اس کو ہٹانے کا بندوبست کیا جائے اور جو انسانی ضیاع ہوا ہے، ان کو بھی امداد دی جائے اور جو روڈز خراب ہو چکے ہیں، ان کی صفائی کے لئے فنڈز کی منظوری دی جائے۔

جناب سپیکر: جناب وزیر اعلیٰ صاحب! یہ جھگڑا صاحب اور مولانا جہانگیر صاحب نے۔۔۔۔

جناب اکرم خان درانی (وزیر اعلیٰ): جناب سپیکر صاحب! جھگڑا صاحب اور جہانگیر خان نے جو مسئلہ اٹھایا ہے، یقیناً وہ انتہائی اہم ہے اور جہانگیر خان کے حلقے میں یا پورے چترال میں جو نقصانات ہوئے تھے، میرے خیال میں پہلی حکومت ہو گی جو بروقت وہاں گئی۔ وہاں پر کسی چیز کی بھی کمی نہیں، راتوں رات پہنچے تھے اور اسکے بعد جو مرمت کا کام تھا، اس کے لئے بھی فنڈ اور جھگڑا صاحب میرے خیال میں بیٹھے ہیں، جب طوفان آیا تو میں بھی اس کے ساتھ پانی کے اندر کھڑا تھا اور۔۔۔۔

جناب سپیکر: خدا نہ کرے پھر بھی ساتھ ہونگے۔

جناب اکرم خان درانی (وزیر اعلیٰ): جی ہاں۔ نہیں جی، اس پر ابھی آتا ہوں کہ ہم نے ایڈوانس میں کچھ کیا ہے، تو اس کے بعد جب سیلاب کے وہ دن ختم ہوئے تو جھگڑا صاحب دوبارہ میرے پاس آ گئے اور پورے پشاور میں، ان کے اور آصف اقبال خان کے حلقوں میں سارے چینلز بند تھے تو اس کے لئے میں نے سپیشل فنڈ دیکر سارے چینلز بھی صاف کرائے اور اس کی ڈیویلپمنٹ کے لئے دوبارہ تعمیر کے لئے کافی Amount بھی دی۔ اس سال مجھے اندازہ تھا کہ بروقت ہم کیوں نہ ڈیپارٹمنٹ سے رپورٹ مانگیں کہ پشاور میں کہاں پر

تکلیف ہے، چارسدہ میں کہاں پہ ہے، مردان میں کہاں پہ ہے، سوات میں کہاں پہ ہے، چترال میں کہاں پہ ہے، مانسہرہ میں کہاں پر ہے اور ساتھ ڈی آئی خان ہے تو ایریگیشن سیکرٹری صاحب نے مجھے ایک سمری بھیجی جس سب جگہیں اور ان کے لئے Amount بھی بتائی تھی اور دو ہفتے ہوئے ہیں کہ اس پہ میں نے Amount کی منظوری بھی دی ہے اور جہاں پر بھی کوئی ضرورت پڑے گی تو ایریگیشن ڈیپارٹمنٹ کو ان شاءاللہ فنانس سے فنڈز بھی ریلیز ہونگے اور سب جگہوں کی نشاندہی کے بعد ہم نے پورے صوبے کے لئے فنڈز ریلیز بھی کئے ہیں۔

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> جناب سپیکر! میں اس سلسلے میں بات کرنا چاہتا ہوں کہ جب کراچی میں بارش ہوتی ہے تو بیس کروڑ روپے انکو فوری طور پر دیئے جاتے ہیں لیکن جب مردان میں سو آدمی طوفان سے ہلاک ہو جاتے ہیں تو ان کو پانچ کروڑ روپے پتہ نہیں وہ بھی دیئے ہیں کہ ابھی تک نہیں دیئے ہیں تو میرے خیال میں اس پر بحث کرنی چاہیئے کہ ہمارے Provincial resources کتنے ہیں کیونکہ جب فیڈرل گورنمنٹ باقی جو صوبوں کو یہاں تک کہ KSC جو وہاں پر کراچی الیکٹرک سپلائی کارپوریشن ہے، ان کے بلز بھی معاف کر دیئے گئے۔

<u>مولانا عبدالرحمن:</u> جناب سپیکر صاحب! اسی پر میں اکرم خان درانی صاحب کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ صوبائی حکومت خصوصاً درانی صاحب نے جو چترال کے ساتھ تعاون کیا ہے، وہ ایک تاریخ ہے۔ جیسے عبدالاکبر خان صاحب نے فرمایا، ابھی تک مرکزی حکومت نے ہمارے چترال کے ساتھ جو سلوک کیا ہے، جو کر رہا ہے، یہ قابل مذمت ہے لہذا مرکزی حکومت سے میری درخواست ہے کہ جیسے صوبائی حکومت کا تعاون ہے، اس طرح مرکزی حکومت بھی ہمارے ساتھ تعاون کرے۔ شکریہ۔

<u>جناب سپیکر:</u> جناب اسرار اللہ گنڈا پور صاحب۔۔۔۔

<u>جناب تاج الامین:</u> سپیکر صاحب، سپیکر صاحب، سپیکر صاحب۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> جناب اسرار اللہ گنڈا پور صاحب۔ نشتې؟

<u>جناب تاج الامین:</u> سپیکر صاحب! زمونږه د دې مردان جی لږ شا نتې وضاحت۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> جناب اکرام اللہ شاہد صاحب۔

جناب تاج الامین: سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: جی۔

جناب اکرام اللہ شاہد: یو خبره به اوکړمه د دې فنډ په حواله باندې،دا بحث چې پرې اوشو، صرف فنډ حواله باندې۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ضمنی بجټ باندې خو بحث نه کوئ؟

جناب اکرام اللہ شاہد: نه، نه کومه جی۔ زهٔ یو منټ جی، نو هغه عرض سر، زما دا دے چې تیر شوی سیلاب کښې په مردان کښې کلپانئ سیلاب د مردان درې پلونه اوړلی وو او د هغې اوسه پورې بحالی نه ده شوے۔ دوئم د هوتی پل هم اوسه پورې مرمت نه دے شوے بلکه فنډ ورته هم نه دے ریلیز شوې نو مونږ د وزیر اعلیٰ صاحب په نوټس کښې دا خبره راولو جی چې د دې راتلونکی سیلاب د خدائے خیر کړی، د هغې نه مخکښې د دغې درې پلونو دا پیرانو پارک دے، رستم خیل او سنکدری کورونه او غلے گودر، د هغې او د هوتی هغه پل چې کوم دے، هغه کسان هلاک شوی دی، پنځوس کسان نو د هغې د هغه پل بحالې ضرورت دے جی۔ ډیره مهربانی جی۔

جناب سپیکر: د ما ما مقابله کوے؟ تاج الامین جبل صاحب۔

جناب تاج الامین: مهربانی جی، سپیکر صاحب۔ اول خو جی د دې لږ وضاحت غواړو، دا مردان کښې چې کله وزیر اعظم صاحب راغې د سیلاب متاثرینو د پاره ئے اعلان کړے وو چې پینځه کروړه روپئ مونږه به ورله ورکوؤ چې هغه اوسه پورې ورکړے دی که نه؟ چون کروړ، چونکه اوسه پورې هلته خلق احتجاج کښې دی، هغه پیسې نه دے راغلې نو چې آیا هغه په کوم سټیج کښې دی چې دا راته لږ وضاحت اوکړی۔ دوئم زمونږه ما ما، اکرام اللّٰہ شاهد صاحب دا خبره اوکړه چې هلته درې پلونه اوبو اوړے دی نو هغه خو دے موجوده اے ډی پی کښې شتې خو د دوئ د نظر لاندې به لا نه وی راغلې مونږ د هغې د پاره پوره کوشش کړے دے، پیسې ورته منظور شوې دی، مونږه مشکور یو د وزیر اعلیٰ صاحب او د صوبائی حکومت۔

جناب بشیر احمد بلور: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: بشیر احمد بلور صاحب، تقریر تاسو کوئ؟

جناب بشیر احمد بلور: جناب سپیکر صاحب! دا د دې په باره کښې خبره کوم چې مرکز شومره۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: سپلیمنٹری بجٹ باندې سپیچ کول نه غواړے؟

جناب بشیر احمد بلور: هغه به کوؤ کنه جی خو دے مسئلې باندې به لږه خبره اوکړو۔ دا د مردان خبره په خپل ځائ باندې ده سپیکرصاحب، زمونږ پریذیډنټ آف پاکستان راغلې وو، پیښور کښې ئے دومره لویه جلسه ئے کړې وه۔ په هغې کښې ډیرے لوئے خبرې شوے وے چې دو سو ټرانسفارمرز اور دو سو ټیوب ویلز او د کروړونو رپو اعلانونه ئے کړی وو۔ بیا دلته څنګه چې زمونږ رونړو خبره اوکړه چې کراچئ باندې سیلاب راغلو، بیس کروړ روپئ خو افسوس دا کوؤ چې مونږ د دې ملک حصه نه یو؟ خو زۀ دعوے سره وایم چې ټول وسائل زما دی، د مرکز خزانه چې ډکیږی، زما په دولت ډکیږی خو زما دے صوبې ته داسې لیدل کیږی چې څنګه نه مونږ پاکستانیان او نه مسلمانان یو خو زۀ تاسو ته دا عرض کوم سپیکر صاحب، چې پکار دا دی چې مونږ یو Unanimously قرارداد پاس کړو چې زمونږ دلته صوبه کښې چې کوم آفات راځی، دا مونږ سره صوبه کښې دوئ شومره، دا کوم اوس پرائم منسټر صاحب چې ناست دے، دا وزیر خزانه وو، پیښور ته راغلې وو او چیف منسټر صاحب ناست وو، ګورنر افتخار حسین ناست وو، مونږ ورسره ملاو شو، مونږ ورته وئیل چې ستاسو پریذیډنټ صاحب راغلې وو او د دو سو ټیوب ویلونو، دو سو ټرانسفارمرو او د کروړونو روپو اعلانونه ئے کړی وو، مهربانی اوکړئ چې هغه مونږ ته راکړئ نو هغه وئیل چې ما ته خو فائل نه دے رارسیدلې و وزیر اعلیٰ صاحب ناست وو او ګورنر افتخار ورته اووئیل چې دا فائل ما تاسوته درلیږلې دے او تاسو سره پروت دے خو زۀ افسوس دا کوم چې هغه زمونږ خبره فائلونو ته لاړه شی او پنجاب او سندھ کښې چې چرته ځی نو اربونو روپو اعلانوونه کیږی او هغوی ته ملاویږی او مونږ سره ولې داسې هغه سوتیلی ماں والا سلوک کیږی۔ بد

قسمتی دا ده چې مونږ خبره رشتیا کوؤ او دوئمه بدقسمتی دا ده چې زمونږه خپلو کښې هغه شانتے اتفاق نشته چې خپل حق مونږ مرکز نه واخلو۔ زۀ به دا خواست کومه چې یو قرارداد اولیکې شی او د مرکز نه مذمت اوشی چې زمونږ صوبه کښې چرته شومره چې دوئ Already announcement کړے دے، هغه هم د راکړی او خدائے مه کړه چې سبا زمونږ چرته دے صوبه کښې حالات خراب شی، زمونږ دا مقصد دې ګرانټ د راکړی جی، کوم ګرانټ چې دوئ پنجاب ته ورکوی او سندھ ته ورکوی۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: جناب عبدالاکبر صاحب۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! میری بھی تجویز ہوگی کہ کیونکہ سارے ممبران اس پر Concerned ہیں کہ یہ جو زلزلہ زدگان یا سیلاب کے یا جو باقی ہمارے صوبے کے ساتھ سوتیلی ماں کا سلوک کیا جارہا ہے، میں تو سمجھتا ہوں کہ اس پر پوری Detail discussion ہونی چاہیئے اور پھر جس طرح بشیر خان نے کہا کہ آخر میں ہم ایک جوائنٹ قرارداد بھی پاس کریں لیکن پہلے اس پر بات ہونی چاہیئے کہ کیوں ہمارے ساتھ یہ سلوک کیا جارہا ہے؟

جناب سپیکر: جی مرید کاظم صاحب۔

سید مرید کاظم شاہ: مہربانی سر۔ میں نے سر، اسی فلڈ کے سلسلے میں کٹ موشن پر بات کی ایریگیشن اور ریونیو کے بارے میں اور دونوں نے یہ جواب دیا کہ ڈی آئی خان میں جو نقصان ہوا ہے اور جس کی وجہ سے انخلا ہوا تھا اور بعد میں آبیانے معاف کئے تھے لیکن اب وہ ڈال بارشیں دوبارہ پہنچ گئیں۔ تمام نے کہا کہ ہم چیف منسٹر صاحب سے Request کریں گے کہ واقعی جہاں فصل بھی نہیں ہوئی، ان لوگوں پر کیوں مالیہ اور آبیانے؟ چیف منسٹر صاحب چونکہ موجود نہ تھے تو میں ان سے یہ گزارش کروں گا جی کہ کم از کم ان علاقوں میں جہاں بالکل یہ رپورٹس آچکی ہیں کہ وہاں مالیہ اور وہ خراب ہوئیں زمینیں تو وہ مالیہ اور آبیانہ معاف ہو جائے گا جی۔ یہ میری Request تھی سی ایم جو بیٹھے ہیں، اس لئے میں نے کہا کہ بھئی یہ Request کرلوں، سر۔

جناب سپیکر: شہزادہ محمد گستاسپ خان صاحب۔

جناب شہزادہ محمد گستاسپ خان (لیڈر آف دی اپوزیشن): سر! یہ اس پہ پہلے بھی میں نے یہ تجویز آپ کو دی تھی، جس طرح عبدالاکبر خان صاحب نے کہا، میں بالکل اس کی تائید کرتا ہوں۔ سر! کچھ زلزلہ اور قدرتی آفات پہ پہلے Resolutions بھی آئی ہیں، ہاؤس نے متفقہ پاس کی ہیں، ان پہ بحث طویل ہوئی ہے لیکن اس کا کوئی نتیجہ نہیں نکلا اور اس کا تعلق مرکز سے بھی ہے، اس کا تعلق صوبے سے بھی ہے تو میری یہ درخواست ہوگی سر، میں اس بات کی تائید کرتا ہوں کہ اس پہ ضرور ایک دن رکھا جائے تاکہ قدرتی آفات کے بارے میں ہم بات کر سکیں، حکومت کی پالیسی بھی سامنے آ سکے۔

جناب سپیکر: جی حافظ اختر علی صاحب۔

حافظ اختر علی (وزیر آبپاشی): بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ جناب سپیکر صاحب! زمونږه معزز اراکینو چې د فلډ په حوالې ے سره او بیا د صوبې د محرومتیا په حوالې سره کوم د خدشاتو اظهار اوکړو، یقیناً دا یو نا قابل انکار حقیقت دے او وزیر اعلیٰ صاحب محترم د هغې ذکر اوکړو۔ زمونږه صوبائی چې څومره وسائل دی نو د هغې مطابق د 101 ملین وزیر اعلیٰ صاحب منظوری هم ورکړې ده او د مردان په حوالې سره اکرام الله شاهد صاحب ذکر اوکړو، هغه هم وزیر اعلیٰ صاحب چې کوم اعلانات کړی وو، 37 ملین روپئ د هغه ټولو پلونو د پاره اے۔ډی۔پی کښې شاملې شوے دی خو اوس خبره جی دا ده چې کوم زمونږه ډیمانډ دے او کوم زمونږ ضرورت دے نو هغه زمونږه صوبې ته نه مهیا کیږی۔ زمونږه بشیر بلور صاحب ډیره ښه خبره اوکړه چې د Grant په نوم باندې، کله د Aid په نوم باندې، کله په مختلف نوم پنجاب سره، سنده سره، بلوچستان سره هغه تعاون کیږی لیکن صوبه سرحد سره هغه تعاون قطعاً نه کیږی۔ دے وخت کښې مونږه تقریباً 21 ارب روپئ د هغې یو پی سی ون مرکزی حکومت ته لیږلې ده او زهٔ به دا خبره د ایوان په نوټس کښې راولم چې زمونږ چې کوم Shares دی د 1991 د Accord لاندې نو تقریباً 65 ارب روپئ زمونږ د صوبېدا پنجاب، سنده چې کوم زمونږ د حصې هغه اوبه استعمالوی نو دا زمونږه هغوی ته Compensation کیږی۔ پکار داده چې کم از کم مونږ ته هغه خپله معاوضه ملاو شی نو دا ډیره ښه خبره ده که دلته کښې چرته یو قرارداد متفقه په دغه حوالې سره پیش شی چې صوبه سرحد ته د هغه خپل Rights چې کوم زمونږه

کیږی، د وفاق د طرف نه د مهیا شی ځکه د صوبې خپل وسائل یقیناً محدود دی او په هغې سره د هغې مداوانه شی کیدلے نو دا یو ډیر بهترین تجویز دے۔

جناب سپیکر: زما په خپل خیال که ممبران تې بریک په وخت کښې کښېنی او یو جامع Resolution هغوی Draft کړی۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: میری تجویز ہوگی کہ یہ بہت سی چیزیں ہیں، جن پر ہم بحث کرنا چاہتے ہیں۔ ہمیں بحث کرنے دیں کیونکہ ہمارے صوبے کے ساتھ ایک چیز میں نہیں، کئی چیزوں میں زیادتیاں ہو رہی ہیں، تو ہمیں اس کو Highlight کرنا چاہیئے۔ اگر ہمارہ زور نہیں ہے لیکن کم از کم عوام تک تو پہنچا سکتے ہیں کہ ہمارے ساتھ یہ کیوں ہو رہا ہے؟

جناب سپیکر: تو یا تو یہ ہے اگر ہم اس کے لئے علیحدہ دن رکھیں گے یا اگر ابھی، ابھی تو Supplementary Budget ہے ایجنڈے پہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: بس ٹھیک ہے اس کے لئے ایک دن مختص کریں گے اور پھر جو Discussion ہو جائے گی تو اس کے نتیجے میں جو بھی لائحہ عمل ہو، ان شاءاللہ اس کے بارے میں یہ معزز ایوان فیصلہ کرے گا۔

جناب اسراراللہ خان گنڈاپور: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: اسراراللہ خان گنڈاپور صاحب! میں نے تو آپ کا نام پکارا تھا لیکن شاید آپ تقریر کرنا نہیں چاہتے۔

جناب اسراراللہ خان گنڈاپور: صحیح ہے سر۔ Thanks you اجازت ہے، سر؟

جناب سپیکر: تقریر کرنا چاہتے ہیں؟

جناب اسراراللہ خان گنڈاپور: بالکل کرنا چاہتا ہوں، سر۔

جناب سپیکر: جی۔

جناب اسراراللہ خان گنڈاپور: شکریہ، سر۔ سر! پہلے میں آپ کو مبارکباد دینا چاہتا ہوں اس وقت چونکہ ممبران زیادہ تھے اور آپ کا وقت قیمتی تھا۔ یقیناً خوشی کی بات ہے کہ آپ اس نئی اسمبلی کو Preside کر رہے ہیں۔ ہمارے لئے بھی یہ فخر کی بات ہے سر کیونکہ اچھا ٹائم آپ نے ہمارے ساتھ گزارا ہے۔ سپلیمنٹری بجٹ کے حوالے سے سر، میں یہ کہوں گا کہ بجٹ میں چونکہ ہمارے ساتھ Figures, Whit

papers, تقریر اور وہ Expectation ہوتی ہے گورنمنٹ کی کہ فلاں فلاں مدوں میں ہم یہ کام کریں گے، اتنی ہماری Spending ہوگی، اتنا ہمارا Revenue generation ہوگا، اس پہ اگر ہم چیزوں کو Generalize کریں کیونکہ وہ بعض Expectation ہوتی ہے کہ End of the financial year نہیں ہوتی کہ سپلیمنٹری بجٹ آتا ہے۔ یہ کوئی ایسا طریقہ نہیں ہے کہ شاید اس گورنمنٹ کے ساتھ جڑا ہوا ہے۔ ہمیشہ جو بھی گورنمنٹ آتی ہے، سپلیمنٹری بجٹ وہ لے کے اتی ہے اور ایک طریقہ ہوتا ہے اور اس کے متعلق جب ہم آئینی Provision کو دیکھتے ہیں۔ تو اس میں آرٹیکل 124 کے تحت In -----respect of any financial year

Mr. Speaker: Article?
Mr. Israrullah Khan Gandapur: 124.
Mr. Speaker: 124?
Mr. Israrullah Khan Gandapur: Yes Sir. "If in respect of any financial year it is found-

(a) that the amount authorized to be expended for a particular service for the current financial year is insufficient, or that a need has arisen for expenditure upon some new service not included in the Annual Budget Statement for that year; or
(b) that any money has been spent on any service during a financial year in excess of the amount granted for that service for that year;

the Provincial Government shall have power to authorize expenditure from the Provincial Consolidated Fund"

پھر اسکے Voting کا Procedure وغیرہ اگلے آرٹیکل میں دئے گئے ہیں۔ سر! میں اس پہ یہ کہنا چاہوں گا کہ اس میں دو چیزیں اہم ہیں۔ اس کو جیسا کہ آرٹیکل 124 اس کو Supplementary بھی کہتا ہے اور Excess بھی کہتا ہے لیکن اس میں Supplementary اور ہماری گورنمنٹ جو ہے، پچھلے چار سال سے اسکو پھر تقلیقی سپلیمنٹری کے دائرے میں ڈال دیتی ہے، تقلیقی سپلیمنٹری کا سر، مجھے تو نہ اس میں جو جی ایف آر ہو، اس سے پتہ چلتا ہے، نہ اس سے پتہ چلتا ہے کہ آئین میں کوئی اسکا حوالہ ہے۔ اس کو ہم اگر Excess Budget کہیں سر، تو زیادہ بہتر ہوگا کیونکہ انہوں نے Excess spending کی ہوتی ہے اور جب Excess spending کی ہوتی ہے سر، اسکا مطلب یہ ہے کہ یا تو وہ Amount جو تھی، اس پہ زیادہ

مہربانیاں ہوئی ہیں کہ وہ کوئی اور ذرائع سے آئی ہے جس کی وجہ سے انہوں نے Excess Budget پیش کیا ہے یا یہ کہ جو ان کا فنانس ڈیپارٹمنٹ ہے، وہ ایسے Unthinkable اور Unrealistic figure دیتا ہے کہ جس کی وجہ سے اگر کسی مد میں یہ سو روپے رکھتے ہیں اور End of the financial year اس میں تین لاکھ، چار لاکھ تک وہ Spending کر لیتے ہیں تو سر، اس کا مقصد یہ ہوا کہ وہ فنانس ڈیپارٹمنٹ ہے اور جس کے لئے پراونشل گورنمنٹ نے ہمیشہ یہ کریڈٹ لینے کی کوشش کی ہے کہ Financial wise, NWFP جو ہے، وہ Top پر ہے اور عالمی ادارے بھی اسکو Second کرتے ہیں اور فیڈرل گورنمنٹ کے لئے بھی ایک نمونہ ہے لیکن سر، میرے پاس چونکہ ضمنی بجٹ پچھلے چار سال کے پڑے ہوئے تھے، اس کا ایک جائزہ میں اس ایوان میں پیش کرنا چاہوں گا۔ سر! 4-2003 کا ہمارا ضمنی بجٹ جو تھا، وہ تقریباً 4.2 بلین کا تھا چونکہ وہ گورنمنٹ کا بھی پہلا سال تھا۔ جس کے بعد سر، 5-2004 کا جو ضمنی بجٹ تھا، وہ 4.38 بلین کا تھا تو اس میں سر، آپ دیکھیں Annually، مطلب ہے ہر سال Increase ہو رہا ہے۔ 6-2005 کا جو ضمنی بجٹ تھا، وہ تقریباً کوئی 22.9 بلین کا تھا سر، 22.9 بلین اور اس میں جو بڑی Reflection ہوئی تھی، وہ Earthquake کی وجہ سے 12.27 بلین کی مالی اعانت تھی جو فیڈرل گورنمنٹ سے آئی تھی کیونکہ انہوں نے Reflect کرنا تھا یعنی جو ہمارے صوبے کی طرف سے اس میں Excess spending ہوئی تھی اور Supplementary Budget آیا تھا، وہ کوئی 10.7 بلین کا بنتا تھا یعنی اب دیکھیں 4.2، پھر 4.3 بلین پھر 10.7 بلین اور اس سال کا سر، جو Supplementary Budget آیا ہے، وہ 13.7 بلین کا ہے تو سر، ایک بتدریج طریقے سے دیکھئے چار سے ہم نے Start لیا اور آج ہم اس کے تقریباً تین گنا سے زیادہ انداز میں ہم Supplementary Budget پیش کر چکے ہیں اور اس کے باوجود بھی گورنمنٹ کا یہ دعویٰ ہے کہ Financial matter میں صوبہ سرحد پہلے نمبر پر ہے۔ اس میں سر، بات یہ آتی ہے ایک تو آپ کے Unrealistic figure ہوتے ہیں، اگر فنانس ڈیپارٹمنٹ اس پہ توجہ دیتا تو شاید یہ سپلیمنٹری بجٹ نہ پیش کرنا پڑتا۔ ساتھ ہی سر، ہر Financial year میں انہوں نے جب بجٹ کے حوالے سے بات کی ہے اور اس میں Development side پہ وہ ہو گئے ہیں تو Development side کا سر، 4-2003 میں 1.2 بلین تھا، 5-2004 میں 3.2 بلین،

مطلب یہ ہے کہ اس سے ڈبل ہو گیا۔ پھر 6-2005 میں 4.6 بلین اور اس سال کا جو ہے، وہ 5.6 بلین ہے۔اس طریقے سے سر، اگر آپ دیکھیں تو اس سال جو آپ کا سپلیمنٹری بجٹ ہے 13.7، اگر آپ اپنی اے ڈی پی کے حوالے سے دیکھیں جو 4-2003 میں آپ کے پاس تھی تو وہ تقریباً صوبے کی مد سے اس میں جو Spending ہوئی تھی، وہ کوئی بارہ بلین تھی یعنی 4-2003، ہم کوئی صدیوں پرانی بات بھی نہیں کر رہے ہیں اور نہ 1947 کی بات کر رہے ہیں، ہم وہ بات کر رہے ہیں جو اسی حکومت نے کی یعنی بارہ بلین کی آپ کی اے ڈی پی تھی جو کہ صوبائی محاصل آپ نے Constitute کر کے وہ آپ کو حاصل ہو رہی تھی اور آج آپ کی جو Spending ہے سر، آپ جو اپنا Supplementary Budget دے رہے ہیں، وہ 13.7Billion روپے سے اوپر ہے یعنی آپ کے چار سالہ دور حکومت میں ضمنی بجٹ جو ہے، وہ آپ کی اے ڈی پی سے بھی اوپر چلا گیا جس میں سر، میں یہ کہوں گا کہ یہ جو ہر ایک Budget Speech میں جو کہ ضمنی مدات میں آتی ہے، ہمیشہ یہ کہا جاتا ہے کہ فیڈرل گورنمنٹ کی طرف سے کچھ ایسی عنایتیں تھیں جنکی وجہ سے ہم کو زیادہ اخراجات کرنا پڑے اور اس میں سر، ہر سال جب میں نے اس کو دیکھا ہے کیونکہ میرے پاس وہ ضمنی بجٹ کی Speeches پڑی ہوتی تھیں، انہوں نے فیڈرل گورنمنٹ کا کہا ہے۔ اگر سر، فیڈرل گورنمنٹ اتنی ہی مہربان ہے کیونکہ وہ ان کی جو آپ کو Allocation ہوتی ہے، وہ تو پی ایس ڈی پی میں بھی Reflect ہو جاتی ہے، جو Grant ہوتی ہے، وہ آپ کو پہلے سے پتہ ہو جاتا ہے کہ اس میں کتنا Increase آئے گا اور آپ کے پاس کتنی اس میں Expectation ہے۔ اس کے باوجود سر، یا تو فیڈرل گورنمنٹ زیادہ مہربان ہے کہ ہر سال ملک کے منصوبے اتنے زیادہ ہو جاتے ہیں جس کی وجہ سے حکومت کو Development Budget لے کے آنا پڑتا ہے اور اگر سر، واقعی فیڈرل گونمنٹ اتنی مہربان ہے تو اس کو ہمیں Accept کرنا چاہئے کہ کیوں اس حکومت پر اتنی مہربان ہے؟ سر! چونکہ اس میں Generalization میں نہیں کرنا چاہتا، میں صرف ان فگرز کو ایوان میں پیش کرنا چاہتا تھا اور آخر میں سر، میں وزیر خزانہ صاحب کی توجہ چاہوں گا کہ انہوں نے جو فگرز دیئے ہیں Current capital اخراجات کی مد میں 7.52 بلین، اس میں یہ لکھتے ہیں کہ 4.22 ہمارے تخمینہ جات تھے جس میں 3.3 بلین کا اضافہ ہوا اور انہوں نے جو Heads دیئے ہیں کہ 2.6 جو تھی، وہ قبل از وقت قرضوں کی ادائیگی تھی، 30 ملین کی

ادائیگی جو تھی، وہ نیم خود مختار اداروں کو کی گئی اور 3.3 کا ایک اور فگر بھی ہے۔اس کے ساتھ 657.47 بلین جو ہے،انہوں نے پینشن فنڈ کی مد میں ظاہر کئے ہیں لیکن سر، جوActualان کا تھا4.2 بلین تو وزیر خزانہ صاحب سے میں یہ پوچھنا چاہوں گا کہ یہ جو انہوں نے 2.6 بلین جو قبل از وقت قرضوں میں 30 ملین کی ادائیگی اور اسکے علاوہ3.3اور657ان کو جب میں نے جمع کیا تو سر، 7.25 بلین بنتے تھے جبکہ بجٹ کے مطابق یہ 7.52 ہے۔ سر! اگر ان تین صفحات کے ضمنی بجٹ میں اس قدر غلطیاں ہوں تو کیا ہم محکمہ فنانس پہ،ان کی اتنی Expectation پہ اور اتنی بڑی بڑی Books پہ یہ ہم اعتماد کر سکتے ہیں کہ جو ایوان میں پیش ہوتا ہے، وہ ایک حقیقت ہے؟ میں نے اپنی کوشش سے اس کو دو تین بار جمع کیا ہے اور مزے کی بات سر، یہ ہے کہ کہیں بلین کا ذکر ہوتا ہے، آگے چل کے وہ ملین یا تو اپنے فگرز ملین میں ہی دیا کریں تاکہ ہم کو سمجھنے میں آسانی ہو اور یا کیونکہ بلین میں ہے لیکن اگر اسکو ملین میں آپ Convert کریں گے تو چار ہزار آپ کے ملین بنیں گے۔اس طریقے سے میں نے اپنی کوشش سے دو تین بار جمع کیا کیونکہ ایوان میں ایسی بات نہیں کرنی چاہئے جو ماورائے حقیقت ہو۔ میرے پاس جو فگرز آئے ہیں، وہ 7.25 بلین بنتے ہیں جبکہ ضمنی بجٹ تقریر کے مطابق7.52 بلین بنتے ہیں یعنی تقریباً کوئی پچیس، چھبیس ملین جو ہے، وہ اضافے کی مد میں دکھائی دے رہا ہے۔ سر! یہ چند گزارشات تھیں ضمنی بجٹ کے حوالے سے اور میں شکر گزار ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا، شکریہ۔

جناب سپیکر: بشیر احمد بلور صاحب۔ عبدالاکبر خان۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! میرے خیال میں کافی تفصیل سے اسرار اللہ صاحب نے اس پر بات کی یہ جو آرٹیکل125 کے تحت یہ ضمنی بجٹ پیش کیا جاتا ہے جناب سپیکر۔ اب Financial procedure کے جو سارے آرٹیکلز ہیں، یہ Flexible Articles ہیں، یہ مطلب ہے Flexibility دیتا ہے کہ اگر سال کے دوران حکومت کو کسی نئی مد میں خرچ کرنا پڑے یا پرانی مد میں زیادہ خرچ کرنا پڑے تو جناب سپیکر، اس کے لئے یہ Supplementary Budget پیش کیا جاتا ہے یا Excess Budget statement جس طرح انہوں نے کہا، پیش کیا جاتا ہے۔اب جناب سپیکر، یہ Budget Speech ہے، اس میں یہ کہتے ہیں کہ 2006-2007 کا بجٹ پیش کرتے وقت کل ترقیاتی بجٹ کے لئے

18.95 بلین روپے رکھے گئے جن میں 14 بلین روپے صوبائی اے ڈی پی کے لئے رکھے گئے۔ اب جناب سپیکر، ترقیاتی بجٹ میں کل ضمنی بجٹ کی رقم 5.6 بلین ہے۔ اب ٹوٹل 14 بلین آپ کا پراونشل جو اے ڈی پی ہے تو 14 بلین میں 5.6 بلین آپ Supplementary Budget پیش کررہے ہیں تو اس سے فنانس ڈیپارٹمنٹ کی Efficiency کا یا جو ان کا Executing Department ہے، ان کی Efficiency کا کیونکہ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ تقریباً More than 40% پیسہ جن مدوں کے لئے مختص کیا گیا تھا، ان مدوں پر جناب سپیکر، وہ خرچ نہیں ہو رہا اور وہ اس کی بجائے کسی اور مد پر خرچ ہوا۔ یہ ان مدوں پر خرچ ہوا جو بجٹ میں نہیں رکھے گئے تھے یا اگر رکھے گئے تھے تو ان کو جو Allocation تھی، وہ Allocation ان سے زیادہ ان کو دی گئی۔ اب جناب سپیکر، جب ایک محکمہ، ایک حکومت اپنے 40% Budget سے بھی مطلب ہے کہ ٹھیک ہے، ہم مانتے ہیں اگر 5% یا 10% کی بات ہوتی تو ہم مان لیتے کہ جی چلو ایک سکیم پر زیادہ لگا، ایک سکیم پر کم لگا لیکن 14 بلین میں اگر ساڑھے پانچ بلین آپ سپلیمنٹری میں پیش کرتے ہیں تو ان کا یہ پیسہ جن سکیموں سے آیا، ان سکیموں کا کیا حشر ہوگا؟ جناب سپیکر! یہ پیسہ تو سکیموں کے لئے رکھا گیا تھا بجٹ میں، یہ تو Allocation کی گئی تھی کہ یہ ان سکیموں پر خرچ ہوگا اور جناب سپیکر، جب وہ ان پر خرچ نہیں ہوا، آپ نے اور سکیموں پر یا زیادہ خرچ کر دیا یا نئی سکیم شروع کر دیئے تو جو اور سکیم تھیں، وہ سکیم کدھر گئیں جناب سپیکر؟ وہ میرے خیال میں اب یا تو Redundant ہو جائیں گے یا پھر تین چار سال اور لگیں گے تو اس سے گورنمنٹ کی اور یا ڈیپارٹمنٹ کی Efficiency کا اندازہ ہوتا ہے کہ وہ اپنے بجٹ کو کنٹرول نہیں کر سکتی، وہ اپنے اے ڈی پی کو کنٹرول نہیں کر سکتی اور آپ اٹھا کر دیکھیں جناب سپیکر، تو ہر ڈیپارٹمنٹ میں جتنی Allocations ہوئی ہیں، ان کا جو پھر Revised اور Actual ہے، ان میں بہت زیادہ فرق ہے اور وہ پھر سارا جو ہے، ادھر آکے پھر سپلیمنٹری میں ہم سے Approve کرایا جاتا ہے۔ اسلئے جناب سپیکر، میں سمجھتا ہوں کہ جس Speed سے یہ سپلیمنٹری بجٹ کا حجم بڑھتا جارہا ہے، آخر کہیں ایسا نہ ہو کہ ہمارا سارا بجٹ سپلیمنٹری بجٹ بن جائے۔ Thank you جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: بشیر احمد بلور صاحب۔

جناب بشیر احمد بلور: سپیکر صاحب! ډیره مهربانی۔ سپیکر صاحب! مونږ د ومره ټائم هم واخلواو د حکومت هم پیسې خرچ شي او د عوامو خزانې باندې هم ډیر بوجه

واچوؤ او بجټ پاس کړو او بیا کوم وخت چې بجټ پاس شی نو کال چې تیریږی نو بیا ضمنی بجټ راشی۔ نو زما خو خپل خیال دا دے چې دا د بجټ پا س کولو هغه ضرورت هم نشته دے، ولې چې Disciplinary، پکار دا ده چې Financial discipline دوئ وائی چې مونږ ډیر ښه طریقې سره ساتو نو پکار خو داده چې څه لږ ډیر، څنگه چې زما رونړو خبره اوکړه چې یره دوه بلین، درې بلین پورې چرته اختلافات داسې پیدا شی چې ضروری وی څنگه چې زلزله راغله، هلته پیسې اولگیدې، چرته داسې سیلاب راغلو، هلته پیسې اولگیدې، دوئ خو هغه خپل ډیویلپمنټ اخراجاتو کښې بیس لاکھ روپۍ چې دی، دوئ زیاتوی او بیا کمال دا دے سپیکر صاحب، چې خپل هغه چې کوم دوئ وائی چې مونږ به دا وصولوو د خلقو نه، د هغې نه خو تاسو کم وصولوئ۔ ستا سو دے بجټ تقریر کښې دی چې مونږ 5.2بلین کړےوو خو5.1بلین چې دے، هغه مونږه وصول کړے دی د خلقو نه پیسے۔ خپل Financial discipline خو دومره کمزورې دے چې محکمه د کروړونو روپو تنخواه گانې اخلی او خپل هغه چې کوم پکار دے چې هغوی پیسے د خلقو نه وصول کړی، هغوی هغه نه شی وصولولې۔ سپیکر صاحب! تاسو په جنرل ایډ منسټریشن باندې173 ملین روپۍ فالتو لگیدلې دی۔ په جنرل ایډمنسټریشن باندې ولې دا پیسے فالتو اولگیدې؟ تاسو ولې تخمینه غلطه جوړه کړې وه؟ سپیکر صاحب! په پولیس باندې492 ملین روپۍ فالتو لگیدلے دی۔ سپیکر صاحب! د پولیس حال تاسو اوگورئ، دا یو اخبار دے، په دیکښې، یو پینځه منټه ما ته اجازت راکړئ چې زهٔ تاسو ته اولولم چې په دې اخبار کښې څه دی؟ دا یو خط ملاو شوې دے، "اسلام علیکم،اما بعد جیسا کہ یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہے،آیات قرآنی اور حدیث نبوی سے یہ بات واضح ہے کہ جہاد بالسیف اسلام کا ایک اہم رکن ہے اور خود تاریخ اسلام اور حدیث کی کتب سے ہمیں درس ملتا ہے کہ جب بھی اسلام پر نازک وقت آیا تو مسلمانوں نے مل کر اسلام بچانے کے لئے جدوجہد کی، جہاد کیا اور ناموس اسلام کی خاطر بارہا دشمنان اسلام اور بالخصوص منافقین سے جہاد کے دوران اپنی جانیں تک نچھاور کردیں"۔

حضرت عمرؓ یوه قصه پکښې لیکلې شوې ده، په دیکښې دا وائی چې مونږه تاسو ته دا وایو چې تاسو د خپلو مدرسو لس لس کسان چې دی، د تعلیمی ادارو، د مدرسو نه، د تعلیمی ادارو لس لس کسان مونږ ته راکړئ چې مونږه هغه د جهاد د پاره تیار کړو او دا جهاد مونږه د اسلام د حق د پاره کوؤ او دا جهاد چې دے، دا ضروری دے اودا خط لیکی او چا چې خط لیکلې دے، د هغه نوم هم پکښې شته، شیخ الحدیث حضرت مولانا علاؤالدین صاحب، د هغه مهر هم پکښې شته۔ دا خط ډیره اسماعیل خان ته راغلې دے۔ بل یو خط چې دے، هغه چارسدې ته راغلې دے، د چارسدې په خط کښې هغوی دا وائی، د چارسدې د بازار چې کوم صدر دے، هغه ته دا خط ملاویږی چې "*پریس کلب چارسدہ کے صدر سبز علی ترین اور فلاں فلاں کو سات دن کی ڈیڈ لائن دی گئی ہے کہ اخبارات میں فحش تصاویر اور خواتین ایڈیشن کو فوراً بند کر دیا جائے۔ جبکہ غفور مارکیٹ میں عورتوں کو فروخت اور بد فعلی کی نیٹ کیفے والے فوراً اپنا کاروبار بند کر دیں بصورت دیگر سات دن کے بعد بیس خود کش بمبار ایسے خود کش حملے کریں گے کہ چارسدہ کے عوام کو سانحہ سٹیشن بھول جائیگا*"- سپیکر صاحب! زمونږه په چارسده او په ډیرو کښې دا حال دے او مونږه د پولیس د پاره نورے پیسے مختص کوؤ نو آخیر دا به څوک کوی؟ دا د حکومت Writ چرته دے؟ حکومت په دې باندې ولې ایکشن نه اخلی؟ او د دوئ ټولې پتې هم پکښې لیکلی دی۔ په دې باندې ئے پتې لیکلی دی نو پکار دا ده چې حکومت په دې پتو باندې لاړ شی او د دې خلقو نه تپوس اوکړی چې تاسو ولې دا خطونه لیکئ او چې داسې خطونه لاړ شی نو خوف و هراس پیدا کیږی چې خوف و هراس پید اشی نو دلته به Investment څوک کوی؟ خلق به Investment۔۔۔۔

سردار محمد ادریس (وزیر بلدیات): جناب سپیکر! یہ ضمنی بجٹ ہے، یہ ضمنی بجٹ پہ بات کریں۔ اگر امن و امان کے مسئلہ پر بات کرنی ہے تو اس کے لئے الگ کوئی دن مختص کریں اور اس سلسلے میں بات ہو سکتی ہے۔

جناب بشیر احمد بلور: سپیکر صاحب! دے نه پوهیږی، تاسو ئے لږ پوهه کړئ۔۔۔

وزیر بلدیات: یہ ضمنی بجٹ سے Relate نہیں کرتی یہ جو گفتگو ابھی کر رہے ہیں۔

جناب بشیر احمد بلور: سپیکر صاحب! دا منسٹر لږ پوهه کړئ، نوې سړے دے ، معلومات ئے نشته دے۔ چې ما د پولیس خبره اوکړه، د هغې سره Continuation کښې ما دا خبره اوکړه او دا د پولیس سره Link ده۔ په دې وجه ما دا خبره کړې ده۔ دے لږ پوهه کړئ۔ ما خو تاسو ته مخکښې وئیلې وو چې د دې خلقو یو کلاس واخلئ چې ورته اوښایئ چې دا طریقه ښنګه وی او په بجټ کښې خلق ښنګه خبره کوی؟ سپیکر صاحب! زهٔ افسوس کوم چې کوم اهم خبرې وی، محکمه صحت چې دے، په هغې کښې 48ملین روپئ اخلی چې دا صحت مونږه وایو چې په دیکښې ډیر زیات خلقو ته پکار دی چې مراعات ملاؤ شی، چې ډیر زیات پکار دی نو په هغې کښې پیسے کمې دی او بل په هغه خپل جنرل ایډمنسٹریشن کښې ئے پیسې زیاتې دی۔ متفرقه جی 139.441 بلین روپئ چې دی، هغه په Miscellaneous کښې پیسے اغستې شوې دی۔ سپیکر صاحب! زهٔ افسوس په دې کوم چې دا په Miscellaneous کښې پیسې چرته اولګیدې، دا د بجټ په کتاب کښې وی خو زهٔ افسوس په دې کوم چې دا Miscellaneousپیسے ولې خرچ کوی دوئ؟ ولې هغه په بجټ کښې دوئ نه Reflect کوی؟ او زهٔ د وزیر اعلیٰ صاحب توجه لږ راګرځوم ستاسو په وساطت۔۔۔۔۔

Mr. Speaker: Please, order please.

جناب بشیر احمد بلور: ستاسو په وساطت د وزیر اعلیٰ توجه راګرځوم، هغه بله ورځ هم ما دا عرض کړے وو خو زما خیال دے فنانس منسٹر په خپل تقریر کښې هغه خبره اونکړه۔ تاسو خو متفرقه او دا Miscellaneous کښې پیسے ورکوئ۔ سپیکر صاحب! تاسو ته پته ده چې په دې وخت کښې چې په دې ملک کښې کوم حالات پیدا شوی دی، په دې وخت کښې چې کوم حالات، دا د جمهوریت د پاره چې کوم ډیر زیات جدوجهد کوی، هغه وکیلان صاحبان دی، هغوی په چیف جسٹس پیسې روان دی او نن ټول وکیلان راوتی دی او وکلاء داسې طبقه ده چې هغوی کله دومره جدوجهد نه دے کړے چې څومره جمهوریت د پاره په دې وخت کښې دا وکیلان صاحبان روان دی، پکار دا وه چې هغه Miscellaneous پیسو کښې، چیف منسٹر صاحب، زمونږ په ټوله صوبه کښې تیس ډسٹرکٹس بارز دی، پکار ده چې Miscellaneous کښې هغوی ته یو پانچ پانچ لاکھ روپئ

ملاو شی۔ پکار ده چې د هائیکورټ بار ته یو پنځوس لکهه روپئ ورکړی۔ د دوو کروړو روپو سره هیڅ هم په حکومت باندې اثر نه پریوځی خو د وکیلانو هغه Compensation به اوشی او د هغوی زړه به هم ښه شی او زیات نه زیات جدوجهد به کوی چې په دې ملک کښې جمهوریت راشی۔ سپیکرصاحب! زمونږ ترقیاتی اخراجاتو کښې 3.3 بلین روپئ د خصوصی منصوبو د پاره ورکړے شوے دی۔ سپیکر صاحب! دا ظلم نه دے 3.3 بلین؟ او بیا تاسو 13بلین ضمنی بجټ پیش کوئ۔ ټول ستاسو بجټ چې دے ، پخپله وایئ چې مونږ پانچ پرسنټ پخپله پیدا کوؤ او پچانوے پرسنټ مرکز راکوی نو دا تیره پوائنټ چې دی، دا ستاسو ټول ډیویلپمنټ بجټ چې دے ، هغه 39بلین دے او تیره بلین تاسو په هغې باندېExcess ضمنی بجټ پیش کوئ نو بیا د دې بجټ جوړولو ضرورت څه دے ؟ سپیکر صاحب! ستاسو په وساطت باندې ما مخکښې هم یو Request کړے وو چې بدقسمتی دا ده چې مونږه همیشه دا وایو چې زمونږ صوبه کښې پانچ پرسنټ زمونږه خپل وسائل دی او پچانوے پرسنټ مونږ ته مرکز راکوی۔ زمونږ د آئی۔ټی منسټر صاحب ناست دے او ټول زمونږه دا ټول بجټ په انټرنیټ باندې راشی او زما یو پختون بچې چې هغه په امریکه کښې ناست وی یا په لندن کښې ناست وی، هغه چې اوګوری چې یره مونږه دومره عاجز خلق یو چې دا پنجاب نه وی او دا مرکزی حکومت نه وی نو مونږ خو به غرق شو، په پانچ پرسنټ باندېزمونږه صوبه به څه کوی؟ او ما مخکښې هم دلته یو قرارداد پیش کړے وو او زهٔ مشکور یم د خپل ټول هاؤس چې مونږه Unanimously هغه قرارداد پاس کړے وو چې یو ځل د خدائے اوکړی چې دا ټول وسائل مرکز مونږ ته راکړی څنګه چې دا مرکز زمونږ ټول وسائل واخلی په لاس کښې او بیا مونږ ته این۔ایف۔سی ایوارډ په ذریعه او د خیرات په ذریعه او د اعلاناتو په ذریعه او دلته یو وزیر ئے پریښودے دے چې هغه ټرانسفرمرے راځی او هم داسې ئے په خلقو باندې ویشی او ټپوس ئے نه کیږی (تالیاں) او زهٔ دعوې سره وایم په دې فلور آف دی هاؤس باندې چې په ټرانسفرمرو باندې څوک الیکشنې نه شی ګټلې ان شاء الله، الیکشن په پالیسو خلق ګټی او زهٔ وایم چې هغه داسې کومه پیسه چې راځی، ټول دولت زما دے او ما ته وائی چې پینځه پرسنټ ستا دے او

پچانوے پرسنټ ما ته مرکز راکوی۔ ما مخکښې قرارداد پیش کړے وو، هغه تاسو پاس کړے وو چې مونږه دا وایو چې زمونږ ټول وسائل د مونږ ته ملاو شی، دا ټول وسائل چې زما دی، هغه د ما ته ملاؤ شی او بیا د هغې حساب سره شپیته کاله اوشو چې زمونږ وسائل مرکز اخلی، یو لس کاله خو زمونږ دا وسائل د مونږ ته ملاو شی او مرکز پنجاب نه چې څومره پیسې د پاپولیشن په بنیاد اخلی، هغه هومره حساب سره د نیشنل اسمبلی د ممبر په حساب سره زهٔ به هم خپلے پیسے ورله ورکوم چې مرکز د خپل کار اوکړی، بیا به زهٔ ګورم چې زما 95 په مرکز باندې جوړیږی چې زما خپل دومره وسائل دی چې زهٔ به ان شاء الله مرکز ته percent 95 پیسې ورکوم خو بدقسمتی دا ده چې زمونږ وسائل مونږ ته نه ملاویږی۔ سپیکر صاحب! داوبو خبره زمونږ د ایری ګیشن منسټر اوکړه، دا آن ریکارډ ده سپیکر صاحب چې ما دا قرارداد پیش کړے وو چې 1991-92کښې چې کوم وخت مونږ د اوبو Accord کړے وو، د اوبو په Accord کښې دا وو چې زمونږه تقریباً ګیاره هزار، سات سوبیاسی کیوسک اوبه چې دی، ګیاره لاکھ، سات سو بیاسی ملین کیوسک اوبه چې دی، دا زمونږه حق دے-----

<u>ایک معزز رکن</u>: دس لاکھ۔

<u>جناب بشیر احمد بلور</u>: دا د مونږه ته ملاو شی۔ سپیکر صاحب! چې کوم وخت مونږه Accordاوکړو نو ما خپل ایډیشنل چیف سیکرټری هغه وخت کښې راوغښتو چې دا اوبه به مونږه څنګه استعمالوؤ؟ نو هغه ما ته اووئیل چې زمونږ سره چینلز نشته دے، مونږ سره نهرونه نشته دے چې نهرونه نه وی نو مونږ دا اوبه نه شو استعمالولې نو ما ورته اووئیل چې تاسو دا نهرونه ولې نه جوړول؟ هغوی وئیل چې زمونږ سره اوبه نه وے نو مونږ ته چا، د دنیا بینکونو، ورلډ بینک، ایشیئن ډیویلپمنټ بینک، دوئ مونږ ته پیسې نه راکولې چې کوم وخت زمونږ سره اوبه نه وے۔ ما وئیل چې اوس خو اوبه ملاو شوے، اوس د چینلز د پاره خبره اوکړئ۔ داد 1992نه تر اوسه پورې مونږ ته چا د چینلز د پاره پیسې نه دی راکړے۔ سپیکر صاحب! دلته په دې هاؤس کښې مونږه یو قرارداد پاس کړے وو چې زمونږه څومره اوبه چې مرکز استعمالوی، پنجاب ئے استعمالوی، سندھ ئے

استعمالوی، پکار ده چې هغه زما رائلټی ده چې د هغې پیسې د راکړی نو هغه پیسې تر اوسه پورې ملاو نه شوے۔ مونږه قرارداد اولیکو، هغوی قرارداد اوشلوی او اوغورزوی او پرواه ئے نه کوی۔ نو زهٔ دا وایم سپیکر صاحب، چې په هغه قرارداد باندېد هم عمل اوکړے شی۔ ستاسو او زمونږه د اسمبلئ د طرف نه جذبات چې دی، مرکز ته اولیږئ۔ زمونږ قرارداد چې کوم د پیسو د پاره، د اوبو د پاره کړے وو، پکار ده چې د هغه اوبو رائلټی چې ده، هغه د مونږ ته راکړی۔ سپیکر صاحب! زما په هیڅ چا باندېاعتراض نشته دے، زهٔ وایم چې خدائے د پنجاب ډیر مالدار کړی، خدائے د سندھ د هغې نه هم ډیر مالدار کړی خو زما وسائل د ما ته راکړی چې زهٔ هم په خپل وسائل باندېخپلو بچو له مستقبل د پاره څه کارا وکړم۔ سپیکر صاحب! افسوس کوؤ چې دا زمونږه وزیر اعلیٰ صاحب په نیشنل سیکورټی کونسل کښې هم کښینی، پکار دا ده، زما به Request وی چې هلته د دا خبره خامخا اوچته کړی چې د بجلئ پیسې مونږ ته خامخا ملاو شی او زمونږه د اوبو چې کومه رائلټی ده، دا د مونږه ته ملاؤ شی او زمونږه صوبائی حقوق د مونږه ته راکړ ے شی۔ زهٔ په دعوې سره وایم سپیکر صاحب، چې زمونږه دومره وسائل دی، خدائے پاک چې زمونږه په صوبه باندې کومه مهربانی کړې ده، په پاکستان کښې په بله صوبه باندېدومره مهربانی نشته دے۔ سپیکر صاحب! دریابونه دی او غرونه دی، یو بند پرے واچوه نو د اربونو روپو بجلئ پیدا کولې شی او نن بجلئ چې ده، نن د دنیا د ټولو نه اهم شے چې دے، هغه بجلی ده او بجلی زما ده او لوډ شیډنګ هم په ما باندې دے۔ وروستو ځل تاسو ته به یاد وی، هاؤس کښې خبره شوې وه، دا دوه کاله مخکښې ډیر زیات لوډ شیډنګ شوے وو نو ما دا Request کړے وو دے وزیرانو صاحبانو ته چې تورے جهنډے به اوچتې کړو او واپډا هاؤس ته به لاړ شو او هغه بریګیډئر صاحب ته به اووایو چې د خدائے د پاره دا لوډ شیډنګ مه کوه۔ مونږ یو ځل، زهٔ وزیر ووم او مونږ پخپله تورے جهنډے اوچتې کړے وے چې عراق ته ئے فوج لیږو نو مونږه وئیل چې فوج مه لیږئ نو بیا زما سره سراج الحق صاحب Agree شوے وو خو په دوئمه ورځ، تاسو ته به یاد وی چې چئیرمین واپډا راغلو او مونږه ته ئے وئیل چې تاسو ولې راځئ، زهٔ خو دلته کښې تاسو ته

راغلم، ما سره خبره اوکړئ نو هغه بیا خپل ډیټیل اووئیل چې مونږه دا اوکړل، دا اوکړل، دا اوکړل، د بجلی د پاره مو دا اوکړل۔ مونږ خو لوډ شیډنګ نه کوؤ، مونږ خو لوډ منیجمنټ کوؤ۔ دا لوډ منیجمنټ څه شې وی؟ دوئ وائی چې غلا کیږی نو مونږه د یوے علاقې نه بجلی بند کړو او بلې علاقې ته ورکړو، په دې باندې مونږه دا لوډ منیجمنټ کوؤ۔ نو ما اووئیل چې لږ ماته اووایه چې زمونږ په دې صوبه کښې به څومره غلا کیږی؟ دا آن ریکارډ ده سپیکر صاحب، هغه اووئیل چې تقریباً د شپږ اربه روپو دلته کښې غلا کیږی نو تاسو ته به یاد وی، ستاسو د صدارت لاندې د امیټنګ کیدو، ما هغه ته اووئیل چې ما پخپله په یو کتاب کښې لوستی دی چې کراچئ ښار کښې صرف د دولس اربه روپو د بجلئ غلا کیږی، د دولس اربه روپو او بیا چې چرته ستاسو حکومت شته، چرته چې ستاسو پولیس تلې شی، لاړ شئ د سندھ کلو ته، هلته خو نوابان او خانان دی، هغوی خو یوه پیسه د بجلئ بل، تاسو هلته تلے هم نۀ شئ چې تاسو ترې پیسے واخلئ۔ نو بیا کم از کم اتل لس یا شل اربه روپئ کلو کښې به کیږی او دولس اربه روپئ ښار کښې دی نو دا ملاؤ کړئ نو دا څلویښت اربه روپئ جوړیږی او زما د عاجز مسکین چې د هغه خپله بجلئ ده نو خپل مال نه خو غلا نه کوئ چې د خپلې بجلئ شپږ اربه روپئ کم ورکړی نو په تاسو کوم تندر پریوځی؟ او بیا چې تۀ خلقو ته داسې خبرې کوے نو دا خلق به څنګه بل ورکړی؟ سپیکر صاحب! نن تاسو او ستاسو خدائے ،دا زمونږه بهر دا ورکران دی دا ستاسو د اسمبلئ، تپوس ترے اوکړئ چې د بجلئ بل راشی نو دوئ د شپې خوب نه شی کولې چې خدایا دا د بجلئ بل به مونږه څنګه داخلوؤ نو لږ خو احساس، لږ خو د خدائے د پاره دا کوشش اوکړو چې زمونږ دا خپل وسائل چې مونږه ځان له واخلو نو چې دا خپلې خبرې، زۀ حکومت ته وایم چې مهربانی اوکړئ چې دا خپل ضمنی بجټ د خدائے د پاره دومره زیات مه Increase کوئ څنګه چې زمونږه ورور ګنډاپور صاحب د څلور پینځه کالو تفصیل ورکړو، هر کال زیاتیږی او د هغه څلور اربو نه نن دیارلس اربه شول او ان شاءاللّٰه زما یقین دے چې بل ځل به دیرش اربه شی خو دا پته نه لګی چې مونږه به یو که نه به یو خو زۀ وایم چې مهربانی اوکړئ چې دا ضمنی بجټ ستاسو د Financial administration،

ستاسو د Finance هغه Management کمزوری بنائی چې تاسو ولې Financial management صحیح نه دے کړے چې تاسو دا بجټ راوړو۔ ډیره مهربانی۔

جناب سپیکر: مشتاق احمد غنی صاحب۔اور میرے پاس نام نہیں ہے، جو بھی نام لسٹ۔۔۔۔۔

جناب خلیل عباس خان: سپیکر صاحب! زهٔ یوه خبره کوم، تقریر نه کوم۔

جناب سپیکر: نہیں، یاتوآپ یہ فیصلہ کریں کہ اس میں ہم تقریر نہیں کریں گے۔۔۔

جناب انور کمال: جناب سپیکر صاحب! کہ۔۔۔۔۔

جناب مشتاق احمد غنی: ہفتہ کا دن ہے نا، سر۔

جناب انور کمال: سپیکرصاحب! که د یو پینځه منټو د پاره مو اجازت راکړو۔ زهٔ د سپلیمنټری بجټ په حوالې سره خبره کول نه غواړم چونکه چیف منسټر صاحب د لته کښې ناست دے۔۔۔۔

جناب سپیکر: په تقریر کښې به د ورواچوم کنه۔

جناب انور کمال: ہاں جی؟

جناب سپیکر: وایم نوم به د اولیکم په تقریر کښې کنه۔

جناب انور کمال: زهٔ خالی یوه خبره کول غواړم جی۔

جناب سپیکر: جی انور کمال خان!

جناب انور کمال: زمونږه فنانس منسټر صاحب په خپل بجټ تقریر کښې د واپډې په حوالې سره د 110 بلین خبره کړې ده او د هغې تفصیل هم تاسو ورکړے دے چې دا به مونږ ته پانچ اقساط کښې، چې دا کوم ثالثی ټریبونل فیصله کړې ده، هغه به مونږ ته په پانچ اقساط کښې ملاویږی او دوئ تقریباً په هغه 110 بلین کښې 79بلین، تاسو وئیلی دی چې په دیکښې به مونږه څه د ډی آئی خان د فرسټ لفټ د هغې د پاره به څه پیسې تاسو ایښی دی او تقریباً څه 25 بلین تاسو د چوبیس اضلاع د پاره ایښی دی او د هغې د پاره دوئ خپله یو Criteria مقرره کړې ده چې هغه به د غربت او د Backwardness په حوالې سره

ملاویړی او څه څلور بلین چې کوم دی، هغه تاسو ذکر کړے دے چې دا به مونږه په صوبه کښې د دریځ هائیډل پراجیکټ د پاره کوؤ، زما خالی Request دا دے جی چې نن دا اپوزیشن هم دلته کښې ناست دے ګوچې زمونږه به په دې Arbitration باندې یا په دې خبرې باندېخپل تحفظات وی، خپل اختلافات به وی خو د دې صوبې په بهترین مفاد کښې لکه چې څنګه تاسو مخکښې د Net hydle profit په حوالے سره یا د N.F.C په حوالې سره خپل مختلف سیاسی پارټیانې-----

Mr. Speaker: Order please.

جناب انور کمال: یا د هغوی پارلیمانی لیډران تاسو په اعتماد کښې اغستې دی--

Mr. Speaker: Order please.

جناب انور کمال: او نن مونږه بیا تاسو ته دا پشکش کوؤ-----

Mr. Speaker: Order please.

جناب انور کمال: مونږه بیادا پیشکش تاسو ته کوؤ چې دا یو ډیر خطیر رقم دے، 110 بلین د دې صوبې د پاره او ډیر اهم پراجیکټس په هغې باندې مونږه شروع کولې شو چې کوم تاسو د دې فرسټ لفټ خبره کړې ده څکه چې دلته زمونږه د غنمو پیداوار، اکثر مونږه پنجاب ته په آخیر کښې دا سوالونه او منتونه کوؤ حالانکه دا صوبه پخپله باندې که د اوبو مونږه ته بندوبست اوشی یا د انفراسټکچر بندوبست اوشی نو دا صوبه د غنمو په لحاظ باندې خود کفیله کیدلې شی او اوس هم په دې وخت کښې تقریباً درې اربه یا درې نیم اربه روپۍ د کال په آخیر کښې په غنمو باندېلګوؤ او د بهر نه مونږه غنم راغواړو نو زما خیال دا دے چې دا کوم سکیم تاسو د فرسټ لفټ والا شروع کړے دے او په هغې باندې دومره خطیر رقم لګی، که زمونږه د غړې نه، داپوزیشن د طرف نه حکومت ته د بجلئ په مد کښې 110 ملین په حواله سره، څومره مونږه کوششونه، ولې نا عبدالاکبر خان سر پرے خوزوی خو ما خو اول په ابتدا کښې دا خبره اوکړه چې مونږه د دې Arbitrationسره اتفاق نه لرو، زمونږه به نظریاتی اختلافات وی ضرور یا زمونږه به په دې پروسیجر باندې اعتراض ضرور وی، هغه زمونږه په خپل ځائے کښې وی خو مونږه وایو چې صوبې ته که

دا خطیر رقم زمونږه دغړی او تاسو مونږ سره په دې باندې مشاورت کول غواړئ نو مونږه به ان شاء اللّٰه په دې باندې تاسو سره کمک اوکړو، ملا تړ به درسره کوؤ او کوشش به دا وی چې دا ډیر لوئے رقم دے چې د دې د پاره مونږه کوشش اوکړو چې د صوبې د پاره څه نه څه مونږ درک اوکړو او دا کارونه وربا ندې شروع کړو۔ شکریه، جناب سپیکر۔

جناب سعید خان: سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: سعید خان صاحب۔

جناب سعید خان: ښه جی۔

جناب سپیکر: کوم ځائے کښې یئے ؟

جناب سعید خان: جی ؟

جناب سپیکر: آواز مے واوریدو خو وایم چې ناست کوم ځائے یئے۔

جناب سعید خان: ښه جی، ښه۔

جناب سپیکر: په سپلیمنټری بجټ باندې تقریر کوے ؟

جناب سعید خان: نه جی نه، په دې باندې، زۀ یوه بله ایشو ستاسو په نوټس کښې لږ راوستل غواړم جی۔ مونږ چې جی دے هاؤس ته راځو، دے اسمبلئ ته نو چیکنگ ضرور پکار دے، په دې Gate کښې کیږی خو د Style of checking that is quite embarrassing. They open up your trunks, they open up your lids, they open up your cars and this is quite embarrassing. لکه که MPs، د هغوی خپل ګاډی وی، MPs are not supposed to be terrorists and if we are supposed to be terrorists then you should not allow us here. We are the public representatives over here, we will definitely give up checking, we will definitely allow this checking,

(تالیاں)

خو په دې طریقه باندې نه، جی دا خو د خلقو د پاره شرم کتل دی چې ډ ګ کهلاؤ کړه، بانټ کهلاؤ کړو، موټر کهلاؤ کړه، بیا راته سحر له اووایه چې دا بټنے هم کهلاؤ کړه -----

جناب سپیکر: دا خو زما په خیال د دې جواب به مشتاق احمد غنی صاحب د رکړی۔ مشتاق احمد غنی صاحب۔

جناب سعید خان: خو دا جی ډیره زیاته ناجائزه ده، دا خو ډیره زیاته په غلطه طریقه روانه ده۔ تاسو د میلمنو چیکنگ اوکړئ، تاسو د بهر خلق، خو د چا چې کور وی، سحر له به مالک کور ته ځی خپل، مونږه خو کور بانه یو، نو سحر له چې کور ته څوک ځی، د هغه به په کور کښې چیکنګ وی، There should be a process of checking but it should not be as embarrassing as the visitors' going on over here. They open up your trunks, they open up your lids, this is not even acceptable in places which are of high security zones. مونږ خو جی ایچ کیو ته ځو، مونږه خو پی۔ایم آفس ته ځو، هلته هم زمونږ سره څوک دا چل نه کوی۔

جناب سپیکر: مشتاق احمد غنی صاحب۔

جناب سعید خان: نو که سبا له راباندې دا عمل اوکړی جی چې بیا راباندې بټنے هم کھلاو کړئ، سم لاندې باندې لټوئ ځکه چې مونږ ټول غلا راغلی یو، تخریب کار راغلی یو۔

جناب مشتاق احمد غنی: سر! سعید خان کی بات بڑی صحیح ہے، اسلئے کہ جو یہاں پہ Attitude ہو رہا ہے، صبح روز ہم لوگ آتے ہیں اور باہر گیٹ سے کھڑے لوگ ہمارا تماشہ دیکھ رہے ہوتے ہیں اور ایک Body touch نہیں کرتے، باقی وہ ڈگیاں بھی کھولتے ہیں اور گاڑیوں کے نیچے بھی دیکھتے ہیں اور General checking ضرور ہونی چاہیے اور پھر وہاں پر جو سیکورٹی کا عملہ ہے، وہ سارا ایم۔پی۔ایز کو جانتا ہے، کوئی ان میں ایسا نہیں ہے کہ جو ہم میں سے کسی ایک کو نہ جانتا ہو۔۔ جیسے انہوں نے کہا کہ بھئی ایم۔پی۔ایز جو ہیں، وہ تو Terrorists نہیں ہیں اور اگر ہیں تو آپ کو انہیں باہر گیٹ سے اندر نہیں چھوڑنا چاہیے جو The way they deal, highly objectionable ہے۔ اندر پھر آگے لگے ہوئے ہیں Walk through اس میں سے بھی چیکنگ ہو جاتی ہے لیکن جس طریقے سے وہ گاڑیاں روکتے ہیں اور ان کے نیچے وہ لگاتے ہیں اور پھر ڈگیاں کھلوا لیتے ہیں، وہ بڑا Insulting ہے سر، اس کو روکا جائے اور عام گاڑیاں ٹھیک ہے، آپکو پتہ نہیں ہوتا لیکن Known جو لوگ ہیں یا کوئی سیکرٹری گاڑی میں آرہا ہے، وہ تو سارے جانتے

ہیں یا کوئی ایم۔ پی۔اے آرہا ہے تواس کو سارے جانتے ہیں توانکو بھی آپ وہی کریں اوراس کے باوجود سر، اپکو حیرت ہوگی، آپ گھوم کے دیکھیں، آپکو بڑےIrrelevantلوگ اندر گھومتے نظر آئیں گے، ان کو ویسے ہی چھوڑ دیا جاتا ہے۔

جناب سپیکر: جی، شاہ راز خان صاحب۔

جناب شاہ راز خان (وزیر خزانہ و جنگلات): جناب سپیکر! دا غني صاحب چې کومه خبره اوکړه نو حقیقت دے، خبره ډیره زیاته مناسب ده۔ ټهیک ده جی ځکه چې د هر چا عزت وی او د ممبرانو عزت د ټولو نه په مونږ باندې گران دے او دا څومره انتظامات چې ستاسو د طرفه دی نو مونږه دا محسوسوؤ چې دا زمونږ د حفاظت د پاره دی۔ گاړی، لکه هغه ممبر تالاشی کول خو درسته خبره نه ده خو که فرض کړه د گاړی نه هغوی شیشه تاوئ نو هغه د دې وجې نه کیږی چې زما گاډې په بازار کښې ولاړ وی، په کار پارک کښې ولاړ وی، اوس خو داسې هغه Devices راغلی دی۔۔۔۔

جناب سعید خان: سپیکر صاحب! نه جی نه، د گاډی نه د یو ځل نه، لس ځله د شیشه تاو کړی خو ډگ کهلاوول او بانټ کهلاوول او ور کهلاوول، زما کومه خبره چې ده جی چې مونږ تخریب کاره یو (تالیاں/شور) او غلا او تخریب کاره یو، بیا دلته راغلی څه له یو؟ دا به د خلقو په ځان باندې شک وی نو ځکه به ئے داAttitudeوی چې د چا په ځان باندې شک وی ځکه به ئے دا Attitudeوی۔

جناب سپیکر: سعید خان صاحب! کښېینه او خبره واوره۔

جناب سعید خان: زمونږه ضمیر صفا دے، زمونږه په ځان شک نشته دے۔ مونږ غلط کار نه کوؤ او که دا قیصه روانه وی نو مونږه به هاؤس ته نه راځو یا ئے راته په سړک اولگوئ یا راته په کلی کښې اسمبلی اولگوئ، هغې له به راشو خو که دا اسمبلی سره د دې شرم وی چې شرم به راپورې تړئ او اسمبلئ له به راځو نو بیا د دې نه نه اسمبلی ښه ده۔ په دې اسمبلئ کښې نور دی څه؟ خو هسې هم تشې قړتے کوؤ۔ زمونږ پکښې یو دا تعمیر سرحد دے، بیخ د د تعمیر سرحد اوځی، هغه د هم پکښې نه وی خو مونږه خپل ځان شرم له نه شو ورکولې۔ یو نه، شل ځله

د شیشه تاؤ کړی خو ډګ کهلاؤل، ګاډي کهلاول، This is totally unacceptable and I just make a walk out regarding this issue. It is not acceptable to me. زهٔ نه کښینم په دا سې اسمبلئ کښې۔

(اس مرحلہ پر معزز رکن ایوان سے باہر چلے گئے)

جناب سپیکر: جی، شاہ راز خان۔

جناب شاہ راز خان (وزیر خزانہ): نو زما عرض دا دے چې زمونږه رور لاړو نو پکار وه چې زمونږ ه خبره ئے اوریدلې وے۔ بیا کیدے شی که د دې خبرې څه حل مونږه راویستې وے جی۔ حالانکه سعید خان صاحب له دومره غصه مخکښې نه وه ورغلې۔ دے زمونږ سره یو ځل مشرف صاحب له تلې وو نو هغه راپسې سپئ راوسته او هغه سپئ ئے په مونږه ګرځوله (تالیاں) نو دومره غصه او دومره قهر خو نه دے پکار ځکه چې دا خو زمونږه خپله علاقه ده۔ اوس چې مونږه هغوی ته فرض کړه، دهٔ هم راسره دغه برداشت کړی دی، هغه راسره دے وو پخپله باندې۔

جناب سپیکر: بشیر بلور صاحب! ما ځکه دغه کوؤ چې په دې باندېزمونږه یو میټنګ شوے وو-----

جناب بشیر احمد بلور: زهٔ تاسو ته یو عرض اوکړم-----

جناب سپیکر: او په هغې تاسو متفقه طور فیصله کړې وه۔

جناب بشیر احمد بلور: زما دا Request دے چې دا پکښې نه وو جی چې ډګئ به کهلاوئ، دا پکښې نه وو چې بانټ به کهلاوئ، دا وو چې د بهر نه به خلق نه راولئ، د ځان سره میلمانه به نه راولئ او هغوی به چیک کوی۔ نو مونږ ته د هغوی په چیکنګ اعتراض نشته دے۔ سپیکر صاحب! زهٔ هم چې راشم نو وائی چې ډاله کهلاو کړه نو ډاله کهلاو کیدو کښې، ولې په ډاله کښې به زهٔ بم اوړم؟ دا خو د دې د پاره وی چې یره هغوی چیک کړی چې چرته چا پکښې څه شې خو نه دے ایښې۔ نو زما دا Request دے، د ټولو، زمونږ د اپوزیشن د خلقوهم دا Request دے چې دا ډاله د نه کهلاوئ او بانټ د نه کهلاوئ او خیر دے هغه

خپله کومه شیشه باندې چې ګوری، بیشکه د اوګوری۔ دا زمونږه Request دے۔

جناب وجیہہ الزمان خان: جناب سپیکر سر! میں بھی یہی عرض کرنے والا تھا کہ۔۔۔۔۔

(قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: اصل میں یہ اجلاس سے قبل ہماری تمام پارلیمانی لیڈرز سے ایک میٹنگ ہوئی تھی اور اس میں کچھ پوائنٹس تھے جن پہ Consensus پیدا ہوئی تھی اور اس کے نتیجے میں یعنی یہ نہیں ہے کہ ایم۔پی۔اے کی چیکنگ اتنی Strict ہوتی ہے، اگر گاڑی آتی ہے اور ایم۔پی۔اے اس میں موجود ہوتا ہے لیکن پھر اسکا ڈرائیور جو ہے، وہ باہر جاتا ہے تو سیکورٹی کے پیش نظر چونکہ وہاں پہ جو سیکورٹی حوالے سے جو خدشات ہوتے ہیں کہ جسکا امکان ہوتا ہے کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ کوئی تخریب کار آجائے اور جو Sticking explosive material ہوتا ہے، وہ اس کے ساتھ رکھے تو اسی وجہ سے میرے خیال میں یہ فیصلہ ہوا تھا۔اب یہ ہاؤس فیصلہ کرے کہ۔۔۔۔۔

جناب بشیر احمد بلور: سپیکر صاحب! عرض یہ ہے جیسا کہ آپ فرما رہے ہیں کہ گاڑی آئے اور باہر جائے تو بے شک اسکی تلاشی بھی لیں، ڈالہ بھی کھولیں مگر جب ایم۔پی۔اے آرہا ہے تو اس کا ڈالہ نہ کھولا جائے۔ اس کے لئے صرف وہ جو شیشہ ہے، وہ گھومائیں۔ ہماری یہ Request ہے۔

شہزادہ محمد گستاسپ خان: اس میں کوئی شک نہیں ہے سر، آپکی سربراہی میں یہ میٹنگ ہوئی تھی، وہاں پہ Decision لی گئی تھی لیکن اس میں آپ نے خود یہ کہا تھا کہ جب ممبر آئے گا اندر تو جو security Necessary arrangement ہے، وہ ہوگی لیکن یہ نہیں تھا کہ وہ اسے اچھی طرح سے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ تو آپ کے اور ہم سب کے تحفظ کے لئے ہے۔اگر آپ کو اس پہ اعتراض ہے تو میں نہیں۔۔۔۔۔

شہزادہ محمد گستاسف خان (لیڈر آف دی اپوزیشن): سر! میں گزارش کرلوں، We agree with the security arrangements لیکن یہ جو بات شروع ہوگئی ہے کہ اس میں ہم اعتراض نہیں کرتے کہ ہم آئیں، اتریں اور گاڑی باہر جائے اور پھر آئے تو پھر بے شک چیک کریں لیکن جب ہم آرہے ہوتے ہیں،

یا اس کے ساتھ کوئی ہے، بالکل ان کی There is just a Member sitting in the car
تلاشی لے لیں، گاڑی کا Search, that is, -----

جناب شاہراز خان(وزیر خزانہ): جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی۔

وزیر خزانہ: ما ته اجازت شته جی؟

(قطع کلامیاں)

وزیر خزانہ: پارلیمانی لیډرز چې کښېني او څه داسې Code of ethics جوړ کړي نو زما په خیال دا به زیات مناسب وی۔ دا ماحول داسې دے، حالات هم لکه Uncertain غوندې کفیت دے نو پکار داده چې د دې ایوان د تقدس د پاره، د دې عوامو د دغه د پاره او چې څنګه د دوئ خوښه وی، هغه شان به اوکړو خو چې دوئ کښېني ستاسو سره او یوه طریقه ورله جوړه کړو۔

جناب انور کمال: دا خبره، اصل کښې مونږه تاسو سره اصولی طور باندې لکه چې څنګه شهزاده صاحب خبره اوکړه یا مونږه خومره مشرانو تاسو سره د پارلیمانی پارټئ په حوالې سره خبره اوکړه خو چې خبره دے حده پورې لاړه شی، پخپله باندې مونږ ته دا احساس ضرور وی چې تاسو دا Security measures د دې هاؤس تقدس او د دې ممبرانو د خاطره کوئ، په دیکښې هیڅ څه شک نشته خو خبره داده که چرې هغه عمل لکه څنګه چې سعید خان اووئیل، په دیکښې بعض اوقات داسې Insulting غوندې Attitude شی چې هر ممبر دا محسوسه کړی حالانکه ما سره ذاتی طور باندې، زمونږه اکثر ممبرانو سره به داسې دے حده پورې Security search به نه وی شوے۔ ګاډے راولو، ورته ئے اودروؤ، مونږه ئے پخپله ورته اودروؤ ګنی نو دلته کښې به زمونږه خپل کسان، خلق ولاړ وی، هغوی به په لاسو اشاره هم راته اوکړی چې تاسو ورځئ خو بیا هم د هغې باوجود مونږه دا وایو چې که مونږه هم ګاډې داسې پرے باندې بوتلو او سبا مونږه دوئ ته دا موقع ورنکړه چې دوئ د ګاډی سرچ اوکړی نو شاید بل سړے به دا وائی چې یره دا خو انورکمال یا الف، ب، ج په

دوئ باندې تیر شو او د هغوی د ګاډی سرچ نه کیږی۔ دا کومې شیشې باندې چې Search کوی نو بیا به بل هم په دې باندې Insult feel کوی ځکه مونږه ګاډې ورته اودروؤ او چې څنګه بشیر خان اوویل چې تر دے حده پورې چې اوس کله کله دوئ بیا د روستو نه ډګئ کهلاؤ کړی، دروازه کهلاؤ کړی او سیټ لاندې باندې ګوری، هغه لږ Insulting غوندې دے۔ دا لږه بده غوندې خبره وی چې هغه پخپله باندې ناست وی او مونږه ذمه وار خلق یو۔ تاسو سره مونږه سو فیصد Agree کوؤ مونږه په دیکښې څه رد و بدل راولو نه، دا اسمبلی به چلیږی۔ د خدائے فضل دے، دا دومره ورځې اوچلیدے او داسې څه واقعه اونه شوله۔ راتلونکی وخت د پاره به هم مونږه دا کوؤ، مونږه خو خپل پرائیوټ ګارډز یا خپل میلمانه، دا هر قسم خلق مو ورسره پریښودی دی خو لږ دوئ ته دا وایو چې دا Attitude دے لږ شریفانه وی چې داډګئی مګئی کهلاؤل دوئ پریږدی۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: ٹی بریک میں اس کو Decide کریں گے۔اجلاس کو ٹی بریک کے لئے ملتوی کیا جاتا ہے۔

(ایوان کی کارروائی چائے کے لئے ملتوی ہوگئی)

(وقفہ کے بعد جناب سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! جس طرح آپ نے کہا کہ باقی سپیکرز نہیں ہیں۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں ہیں۔

جناب عبدالاکبر خان: میرا مطلب یہ تھا کہ اگر کل کٹ موشنز ہیں تو اگر آپ Adjourn کرلیں تو ہم اس کے لئے تیاری کریں گے اور کٹ موشنز پر ہم بات بھی کرلیں گے۔

جناب مشتاق احمد غنی: پوائنٹ آف آرڈر، جناب۔

جناب سپیکر: مشتاق احمد غنی صاحب۔

جناب مشتاق احمد غنی: جناب سپیکر! بجٹ سیشن ہو رہا ہے اور بڑا Important ہے اور سرکاری بنچز خالی ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ اس میں دلچسپی نہیں لے رہے ہیں اور صرف دو آنریبل منسٹرز بیٹھے ہوئے ہیں، باقی لوگ، گھنٹیاں بج رہی ہیں، آپ اندازہ لگالیں کہ زیادہ تر اپوزیشن والے بیٹھے ہوئے ہیں۔

جناب سپیکر: دومنٹ کے لئے گھنٹیاں بجائی جائیں۔

جناب مشتاق احمد غنی: نشاندہی نہیں کی، بس کہا ہے۔

لیڈر آف دی اپوزیشن: عبدالاکبر خان کی طرف سے جو تجویز آئی تھی کہ آج اگر آپ Adjourn کر دیں، کل صبح کٹ موشنز کے ساتھ ہی باقی کارروائی لے لیں گے۔

ایک آواز:۔ کورم پورا نہیں ہے۔

جناب سپیکر: نہیں، کورم تو ابھی پورا ہو جائے گا۔

جناب فلیکس انوسنٹ: جناب سپیکر! اس ہال میں پتہ لگ جاتا تھا لیکن اس ہال میں یہ ہے کہ ۔۔۔۔۔

جناب مشتاق احمد غنی : بسم اللہ الرحمان الرحیم۔

جناب سپیکر: مشتاق احمد غنی صاحب! آپ تقریر کرنا چاہتے ہیں؟

جناب مشتاق احمد غنی: سر! آپ نے یہی کہا ہے۔

جناب سپیکر: ہاں ہاں کر لیں، شوق سے کر لیں۔

جناب مشتاق احمد غنی: حالانکہ میں نے کل کے لئے عرض کیا تھا لیکن آپ کے ارادے ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: مشتاق احمد غنی صاحب۔

جناب مشتاق احمد غنی: میں جناب سپیکر، مختصراً ٹائم لیتا ہوں کہ بجٹ 2007 میں 54.500 بلین کا Estimate تھا جبکہ نظر ثانی بجٹ 55.123 اور جس میں اضافہ ہوا 0.664 ملین کا لیکن میں سمجھتا ہوں کہ صوبائی وصولیات کا جو حجم تھا، وہ 5.2 بلین تھا پچھلے بجٹ میں جبکہ وصولیات 5.1 بلین تھیں اور جس سے یہ بھی ایک اس میں پرابلم Reflect ہو رہا ہے تو ہم نے Budget speeches میں بھی کہا کہ اس بجٹ میں ٹیکسوں کا ہدف اتنا زیادہ کیا گیا ہے جبکہ آپ پچھلے کے ساتھ تقابلی جائزہ لیں تو جو صوبائی ٹیکسز کا ہدف تھا، اس کے نصف کے قریب کچھ تھوڑا 60% کوئی 53% کے قریب Recovery ہوئی۔ اس طرح اس دفعہ اس ہدف کو ڈبل کر دیا گیا تو اس سے بھی یہ پرابلم سامنے آتا ہے اور دوسرا اس میں جو پولیس پہ بہت زیادہ اخراجات کئے گئے ہیں 492 ملین، یہ انتہائی زیادہ رقم ہے۔ ایسے غریب صوبے کے اندر کہ جہاں لاء اینڈ آرڈر کی صورتحال انتہائی ناگفتہ بہ ہے اور ہم یہ Expect کرتے تھے کہ موجودہ حکومت کے دور میں

رشوت اور کرپشن ختم ہو جائے گی کہ اسلامی حکومت کہا جاتا ہے ایم۔ایم۔اے کی حکومت کو لیکن جناب والا، افسوسناک امر یہ ہے کہ آج بھی تھانے بکتے ہیں، آج بھی تھانوں میں وہی کرپشن ہے اور آج بھی پٹوار خانوں کی وہی صورتحال ہے بلکہ پہلے سے گھمبیر ہوئی ہے۔ زیادہ یہ چیزیں اس دور میں بڑھی ہیں تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ موجودہ حکومت کو اس کے لئے کوئی خاص نظام لانے کی ضرورت نہیں ہے۔ اگر اسلامی نظام نافذ ہو جاتا تو بہت اچھی بات تھی لیکن ایک ایگزیکٹیو آرڈر سے بھی اس کرپشن کو میں سمجھتا ہوں کہ ختم کیا جا سکتا ہے اور جو بھی پولیس کا محکمہ ہو یا کوئی بھی محکمہ ہو، اگر اس میں کرپشن ہے، دراصل بات یہ ہے کہ کرپشن تو اس ملک میں شروع دن سے ہی چل رہی ہے لیکن موجودہ حکومت کا یہ Stance تھا الیکشن میں کہ ہم کرپشن کو ختم کریں گے، اقرباءپروری کو ختم کریں گے لیکن آج جب پانچ سال پورے کرنے کو ہے اور آخری بجٹ پیش کر رہے ہیں تو تمام محکموں کی حالت آپ کے سامنے ہے تو اس میں خاص طور پہ غور کرنے کی ضرورت ہے۔ اسی طرح جنرل ایڈمنسٹریشن کے لئے بھی 173 ملین کی اضافی رقم رکھی گئی، ہم سمجھتے ہیں کہ بہت زیادہ ہے، متفرق میں 139.441 ملین رقم مختص کی گئی جس سے کوئی Natural calamity ہے یا دوسرے حادثات ہو گئے تو ان میں معاوضے کے طور پہ بھی اس رقم کو استعمال کیا گیا ہو گا لیکن مجھے افسوس سے یہاں کہنا پڑتا ہے کہ ایبٹ آباد میں کئی ایسے واقعات ہوئے ہیں اور ہماری لاکھ کوشش کے باوجود بعض جگہوں پہ ضرور ہمیں کامیابی ہوئی کچھ معاوضے کی لیکن اکثر جگہوں پہ ہمیں ناکامی ہوئی۔ دو تین جگہوں پہ شدید قسم کی آتشزدگی ہوئی ایبٹ آباد شہر کے قلب کے اندر اور پوری کی پوری مارکیٹ اور لوگوں کے گھر جل گئے اور حالیہ بارشوں میں بھی سپلائی کے نزدیک ایک ترکنا نامی بستی ہے، وہ بری طرح متاثر ہوئی لیکن ان متاثرین کو شامل نہیں کیا گیا۔ میں یہ گزارش کروں گا کہ انصاف کا تقاضا یہ ہے کہ جہاں بھی کوئی اموات ہوتی ہیں صوبے کے اندر، جہاں بھی کوئی نقصان ہوتا ہے چوبیس کے چوبیس اضلاع کے اندر، وہ متاثرین ہوتے ہیں اور یہ حکومت کا فرض ہے کہ پورے صوبے کے اندر جہاں بھی اس قسم کی Natural calamity آئے، کوئی آفت آئے تو اس کے لئے سب کے ساتھ یکساں سلوک کرنا چاہئے۔ Thank you very much, Sir.

جناب سپیکر: اور کوئی ممبر؟

شہزادہ محمد گستاسپ خان (لیڈر آف دی اپوزیشن): میں ایک۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی۔

شہزادہ محمد گستاسپ خان (لیڈر آف دی اپوزیشن): سر! میں زیادہ وہ باتیں نہیں کروں گا جو اس سے پہلے ہو گئی ہیں۔اس بات کو سمجھتے ہیں کہ جو اہداف حکومت بجٹ میں مقرر کرتی ہے یا جو ٹارگٹ ہوتے ہیں، حکومت کو بخوبی اندازہ ہوتا ہے کہ اس کے پورے سال کے لئے اخراجات کیا ہوں گے، اس کے لئے بجٹ بنایا جاتا ہے، اس میں رقومات Allocate کی جاتی ہیں اور یہ بھی ہم سمجھتے ہیں کہ اگر زیادہ ضرورت پڑ جاتی ہے کہ کچھ وہ نظام سے ہٹ کر بھی اخراجات ہوتے ہیں تو میں یہاں یہ گزارش کروں گا اور وہ ایک ہی نکتے کی طرف، باقی تو عبدالاکبر خان نے، بشیر بلور صاحب نے، انور کمال صاحب نے، مشتاق غنی اور دیگر معزز ممبران نے باتیں کر لی ہیں، یہاں پہ میں آپ کی توجہ اس طرف مبذول کراؤں گا کہ جبکہ وصولیات کا نظر ثانی شدہ تخمینہ 5.1 بلین روپے لگایا گیا، اس طرح بجٹ تخمینہ جات کے مقابلے میں نظر ثانی شدہ تخمینہ جات میں 0.1 بلین روپے کی کمی ہوئی جس کی وجہ موجودہ حکومت کی جانب سے تین ٹیکسوں یعنی جائیداد ٹیکس اور زرعی ٹیکس وغیرہ کی معافی ہے۔ سر، میں یہاں یہ گزارش کروں گا کہ یہ معافیاں خوش آئند ہیں، چلیں یہ زمینداروں اور Farmers اور Land owners کو ریلیف ملا لیکن سر، اسمبلی نے متفقہ طور پہ، آپ کو یاد ہو گا کہ ایک قدرتی حادثہ ہوا Earth quake کی صورت میں جس میں چار پانچ اضلاع کے لوگ جو ہیں، وہ صوبہ سرحد میں متاثر ہوئے۔ ذرا آپ۔۔۔۔۔

ایک آواز: یہ تو چائے پی رہے تھے اور بچ گئے۔

جناب مشتاق احمد غنی: نہیں، یہ چائے نہیں پی رہے تھے، وہ رمضان شریف تھا۔ یہ ان کو غلط فہمی ہوئی ہے۔

(لیڈر آف دی اپوزیشن): تو سر، میں یہاں یہ گزارش کروں گا کہ متفقہ طور پہ اسمبلی نے ان لوگوں کو ریلیف دینے کے لئے کہا، ریزولیوشن پاس ہوئی کہ ہر قسم کی صوبائی ڈیوٹیز، ٹیکسز ان علاقوں کے متاثرہ لوگوں کے لئے معاف کئے جاتے۔ از خود جہاں پہ اپنی مرضی ہوتی ہے، وہاں پہ غیر ضروری یا ضروری اخراجات کر دیئے جاتے ہیں لیکن جہاں پہ پورا ہاؤس Unanimously کہتا ہے، That is binding on the Government, وہاں پہ کوئی جواز ایسا نہیں ہے کہ اس سے انکار کیا جائے اور وہ لوگ

Deserving بھی تھے تواس کے لئے ہم یہاں پہ کچھ بھی نہیں دے رہے جو ضروری ریلیف تھا۔ ٹھیک ہے اگر وہ انہوں نے دیا، جو رقومات خرچ کی گئیں لیکن جو ٹیکسز اور ڈیوٹیز کی معافی کے متعلق ہاؤس نے Directions دی تھیں اور Unanimous resolutions پاس ہوئی تھیں، وہ ہاؤس کا استحقاق مجروح کرنے کے مترادف ہے ان سے انکار کرنا تواسلئے سر، میں آپ سے بھی گزارش کروں گا کہ اس چیز کا نوٹس لیا جائے۔ اس بارے میں ہمیں کل اگر حکومت وضاحت نہیں کرتی یا ان Unanimous resolutions کو حکومت نہیں مانتی تو پھر ہم پریویلج موشن لانے کا جواز رکھتے ہوں گے۔

جناب سپیکر: ڈاکٹر امتیاز سلطان بخاری صاحبہ۔

ڈاکٹر امتیاز سلطان بخاری: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ سب سے پہلے تو میں آپ کو آج کا اجلاس اس نئے خوبصورت اسمبلی ہال میں منعقد کروانے پہ دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتی ہوں۔ جناب سپیکر! ضمنی بجٹ کے خدوخال کے مثبت اور منفی پہلوؤں پر تو کافی غور و خوض ہو چکا، میں ان نکات پہ روشنی ڈالنا چاہوں گی جن کی وجہ سے صوبے کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا اور ہمارا صوبہ مزید پسماندگی اور غربت کی طرف دھکیلا جا رہا ہے۔ جناب سپیکر! اس میں مرکز کا کردار ناانصافی پر مبنی ہے اور اس میں ہماری صوبائی حکومت اور ہمارے لیڈر صاحبان کی کمزوری اور ہم سب کی مشترکہ جدوجہد میں کمی کی وجوہات ہیں۔ ۔جناب سپیکر! میں آپ کے سامنے ایک چھوٹی سی مثال پیش کرنا چاہوں گی۔ پنجاب میں صرف گجرانوالہ اور لاہور کی جی۔ٹی روڈ کو دیکھا جائے تو انہوں نے جی ٹی روڈ کو چھ لائنوں میں تقسیم کیا ہے اور وہ اتنے آگے بڑھ رہے ہیں۔ جبکہ اس کے برعکس نوشہرہ۔پشاور جی۔ٹی روڈ کو دیکھا جائے تو ساڑھے چار سالوں سے یہ روڈ یعنی جی ٹی روڈ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے اور اس میں عدم دلچسپی پائی جاتی ہے۔ یہی حال چکدرہ، مالاکنڈ، بونیر کی سڑکوں اور شاہراہوں کا ہے جہاں پر فنڈز کی عدم دستیابی کی وجہ سے عوام کے لئے دردسر ہے۔ جناب سپیکر! پشاور۔اسلام آباد موٹروے جو کہ ہمارے قائد جناب میاں محمد نواز شریف کے اقتدار میں شروع ہوئی، آج تک وہ تکمیل کے مراحل میں ہے۔ جناب سپیکر! جبکہ پنجاب میں پنڈی بھٹیاں۔ فیصل آباد موٹروے، سیالکوٹ لاہور موٹروے، حیدرآباد کراچی موٹروے جو کہ حال ہی میں شروع ہوئی ہیں اور تیزی سے پایہ تکمیل تک پہنچائی جا رہی ہے۔ جناب سپیکر! آخر مرکز کا ہمارے صوبے کے ساتھ یہ ناانصافی کا

برتاؤ کیوں؟ جناب سپیکر! کراچی میں دنیا کا سب سے بڑا پارک ریور ویو جو کہ ساڑھے چار ہزار ایکڑ پر مشتمل ہے، مرکز کی طرف سے بنایا گیا ہے۔ اسی طرح پنجاب، سندھ میں کئی بڑے بڑے پارک اور اسی طرح کھیلوں کے سٹیڈیم بنائے جا رہے ہیں۔ سڑکوں کے جال بچھائے جا رہے ہیں مگر ہمارے صوبے میں سیر و سیاحت کے لئے دلکش اور تاریخی مقامات ہونے کے باوجود۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: پوائنٹ آف آرڈر، سر۔ میرے خیال میں محترمہ اتنی Important تقریر کر رہی ہیں تو اس پہ ایک دن رکھنا ہے تو اس پر انہیں کر دیں۔

ڈاکٹر امتیاز سلطان بخاری: جناب سپیکر! مرکزی حکومت دوسرے صوبوں میں اربوں اور کھربوں روپے خرچ کر رہی ہے۔۔۔۔۔

جناب مشتاق احمد غنی: جناب سپیکر! مرکز نے تو کافی پیسے اس صوبے میں خرچ کئے ہیں۔ لواری ٹنل بن رہی ہے، کوہاٹ ٹنل بنی ہے، گومل زام، ٹانک زام اور یہ موٹروے جو صوبہ سرحد میں بن رہی ہے، یہ تو جنرل مشرف کا کارنامہ ہے، میاں نواز شریف کا کارنامہ تو نہیں ہے۔

ڈاکٹر امتیاز سلطان بخاری: جناب سپیکر! بندرگاہیں، Oil refineries، Oil Explorations، کیمیکل کھاد اور سیمنٹ کے کارخانے شروع کئے گئے ہیں جبکہ ہمارے صوبے میں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ویسے مشتاق غنی صاحب، آپ سے اور عبدالاکبر خان سے استدعا ہے کہ برداشت کا مادہ پیدا کریں۔

ڈاکٹر امتیاز سلطان بخاری: جناب سپیکر، صرف ریلوے کی وزارت ہی کو دیکھ لیجئے جنہوں نے حال ہی میں ریلوے کی ترقی کے لئے کئی منصوبوں کا اعلان کیا اور کئی نئی ٹرینیں جاری کرنے کی خوشخبری دی مگر یہ سب کچھ پنڈی سے کراچی تک ہی محدود رہا۔ جناب سپیکر، کتنے افسوس کا مقام ہے Just یہ پشاور راولپنڈی میں ریل کار چلائی گئی اور وہ بھی چند ہفتوں کے بعد منسوخ کر دی گئی۔ کتنے افسوس کا مقام ہے کہ اس صوبے میں اس پر بھی کوئی احتجاج نہیں کیا گیا۔ جناب سپیکر، پاکستان کے مختلف شہروں میں مرکز کی طرف سے بڑے بڑے ائرپورٹ بن رہے ہیں یا Extension پر اربوں روپے خرچ کئے جا رہے ہیں، میں آپ کی وساطت سے اس پورے ایوان کے معزز اراکین سے پوچھنا چاہوں گی کہ ہمیں کیا ملا؟۔ جناب سپیکر، ہماری صوبائی

حکومت اور لیڈروں نے کیا آواز اٹھائی؟ جناب سپیکر، جنرل ضیاءالحق کے ریفرنڈم میں جنرل صاحب نے صوبائی حکومت سے وعدہ کیا تھا کہ ریگی للمہ فوجی زمین میں سے چھ سو ایکڑ ائرپورٹ کی Extension سے دوں گا۔ میں صوبائی حکومت سے اپیل کرتی ہوں کہ مرکز سے رابطہ قائم کریں اور اپنی وہ چھ سو ایکڑ زمین واپس لیں اور ائرپورٹ کی Extension کریں۔ جناب سپیکر، کیا یہ اس صوبے کے ساتھ سراسر زیادتی نہیں کہ ملک کے تمام بینکوں کے ہیڈ کوارٹر بمع سٹیٹ بینک کے دوسرے صوبوں میں ہیں، Even stock exchange سے بھی ہمارے صوبے کو محروم رکھا گیا۔ جناب سپیکر، میری صوبائی حکومت سے اپیل ہے کہ چند بینکوں کے ہیڈ کوارٹرز کو اپنے صوبہ سرحد میں منتقل کیا جائے اور سٹاک ایکسچینج بھی صوبہ سرحد میں قائم کیا جائے۔ جناب سپیکر، فوجی فاؤنڈیشن ہم سب کا ادارہ ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: تھوڑا سا ضمنی بجٹ پہ آپ آ رہی ہیں یا نہیں؟

ڈاکٹر امتیاز سلطان بخاری: اس پر اربوں روپے خرچ ہوئے ہیں اور اس ڈیپارٹمنٹ نے بھی ہمارے صوبے کے ساتھ زیادتی کی جو کہ بیان کرنے کے قابل نہیں اور آخر میں میں یہ کہوں گی کہ ہم سب کی مشترکہ رائے مل کر مرکز پر زور دیں کہ وہ ہمیں اپنی بجلی اور تمباکو کی رائلٹی دے اور جواب دریافت گیس اور تیل کا ہمیں اپنا حق چاہئے اور دوسری بات، مرکز سے اپیل کی جائے کہ جیسے میگا پراجیکٹس کے باقی صوبوں میں اعلان کئے گئے ہیں، ہمارے صوبے میں بھی میگا پراجیکٹس کا اعلان کیا جائے۔ شکریہ جی۔

جناب سپیکر: شکریہ، شہزادی منیبہ منصور الملک صاحبہ۔

محترمہ منیبہ شہزادہ منصور الملک: شکریہ۔جناب سپیکر! سب سے پہلے میں آپ کو اس نئی اسمبلی کی مبارکباد پیش کرتی ہوں۔جناب سپیکر، اس پر میں بہت تفصیل سے تو نہیں جانا چاہتی اور Facts اور Figures پر بھی نہیں جانا چاہتی کیونکہ اسرار صاحب نے بہت تفصیل سے اس پر بات کر لی ہے۔جناب سپیکر، میں آپ کی توجہ تحریک نسواں کی طرف دلواتی ہوں۔جناب سپیکر، اربن ایریا میں تو عورتوں کی ترقی کے لئے بہت کام کیا گیا ہے جبکہ رورل ایریا میں چترال جیسے پسماندہ علاقے کے لئے کوئی کام نہیں کیا گیا۔وہاں کی عورتوں کے ساتھ بہت ناانصافی ہوئی ہے اور ان کی ترقی اور فلاح و بہبود کے لئے کوئی ادارہ بھی نہیں قائم کیا گیا، جہاں عورتیں اپنے Skills اور ہنر کو اجاگر کر سکیں، نہ ہی ان کے لئے کوئی دارالامان ہی بنایا گیا۔جناب سپیکر، اس

پر ایک قرارداد بھی میں نے پاس کروائی تھی جس پر ابھی تک کوئی عملدرآمد نہیں ہوا۔ جناب سپیکر، میں اب آپ کی توجہ گورنمنٹ ہاسپٹل کی طرف دلواتی ہوں جہاں ایک سوپیر تو سارا دن صفائی کرتا رہتا ہے جو کہ بہت اچھا اقدام ہے صوبائی حکومت کا صفائی کے لئے لیکن وہاں پر Sterilizing equipments بہت خراب ہیں، وہ ہیں ہی نہیں، Sterilize ہی نہیں ہیں اور جناب، اس کے ساتھ ہی باتھ روم بھی بہت گندے ہیں، وہ بھی توجہ چاہتے ہیں اور اس میں اضافی گائنی روم بھی نہیں بنائے گئے اور نہ باتھ روم وغیرہ بنائے گئے ہیں۔ جناب سپیکر، اس پر بھی آپ کی توجہ چاہتی ہوں۔ اب جناب سپیکر، میں آپ کی توجہ اربن ایریا اور رورل ایریا کی سڑکوں کی طرف دلواتی ہوں جو کہ ناقص میٹیریل استعمال کیا گیا ہے اور سڑک بار بار ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوتی ہے۔ چترال میں بھی لینڈ سلائڈنگ اور بارشوں اور برفباری کی وجہ سے بہت سی سڑکیں اور پل تباہ ہوئے ہیں لیکن اس کو صحیح طریقے سے دوبارہ نہیں بنایا گیا اور نہ ہی اس کا صحیح طریقے سے کوئی متبادل راستہ بنایا گیا ہے جس سے چترال کے عوام میں بہت بے چینی پائی جاتی ہے۔ جناب سپیکر، اس پر میں نے پچھلے سال بھی بات کی تھی اور توجہ دلاؤ نوٹس پیش کیا تھا جس پر صوبائی حکومت نے اپنی یقین دہانی مجھے کروائی تھی کہ ہم نے اس کے لئے بجٹ میں پیسے رکھے ہیں اور ابھی یہ کام شروع ہو رہا ہے۔ جناب سپیکر، چترال کے لٹکو کا ایریا اتنا خراب ہو چکا ہے کہ وہاں بچوں کو سکول جانے کے لئے کوئی راستہ ہی نہیں ہے تو براہ مہربانی اس کا متبادل راستہ بنایا جائے۔ جناب سپیکر، اس کے علاوہ اربن ایریا کے بازاروں میں بہت زیادہ رش کی وجہ سے ٹریفک کا نظام بھی بہت خراب ہے اور بازاروں میں پارکنگ کے لئے کوئی الگ سی جگہ بھی نہیں بنائی گئی۔ بازاروں میں پارکنگ کے لئے کوئی انڈرپاس وغیرہ کی بھی کوئی سکیم نہیں رکھی گئی جس کی وجہ سے کار پارکنگ کے لئے بہت مسئلہ بنا ہوا ہے۔ جناب سپیکر، چترال کے ہاسپٹل کے لئے نہ کڈنی سنٹر، نہ برن سنٹر، نہ ڈرگ سنٹر اور نہ ہی کارڈیالوجی یونٹ وغیرہ بنائے گئے ہیں۔ اس پر جناب سپیکر، پچھلے سال میں نے قرارداد بھی پاس کروائی تھی کارڈیالوجی یونٹ بنانے کے لئے اور وہاں Specialist doctors کی تعیناتی کے لئے بھی، وہ پاس تو ہو گئی لیکن اس پر آج تک عملدرآمد نہیں ہو سکا۔ جناب سپیکر، ان کی ضروریات کو مد نظر رکھتے ہوئے ان کو پورا کیا جائے۔ .Thank you

جناب سپیکر: نوابزادہ طاہر بن یامین!

جناب طاہر بن یامین: شکریہ، جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، انہوں نے 13.79 بلین روپے کا ضمنی بجٹ پیش کیا ہے اور یہاں Table میں صحت کی مد میں انہوں نے 75.779 ملین روپے رکھے ہیں تو اس سلسلے میں میری یہ گزارش ہو گی جناب سپیکر، کہ جیسے میں نے پہلے بھی عرض کیا ہے کہ ہماری وہاں ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہاسپٹل ٹانک کے لئے فنڈز مختص کئے گئے ہیں اور اس پہ بہت سست روی سے کام شروع ہے جی تو میری یہ Request ہو گی کہ کم از کم اس ہاسپٹل کو اسی دور حکومت میں Complete ہو جانا چاہئے اور دوسرا سر، انہوں نے سڑکوں کی مرمت اور دیکھ بھال کے لئے 430 ملین یہاں Table میں Show کئے ہیں اور اس مد میں سر، ایک بہت ہی اہم میرے ضلع کا جو وارن Bridge ہے تو مہربانی ہو گی کہ اگر کم از کم وہ اسی سال اسی بجٹ میں Complete ہو جائے اور اس مد میں آجائے، سر۔ اس بجٹ تقریر کے صفحہ نمبر دو پر یہاں پہ انہوں نے لکھا ہے کہ اس سال بارش اور برفباری میں اضافے کی وجہ سے Infrastructure کو کافی نقصان پہنچا تو جناب سپیکر، میرے ضلع ٹانک میں تقریباً ساری سڑکیں تباہ ہو گئی تھیں حالیہ بارشوں میں اور جو طغیانی آئی تھی اور ہماری فصلیں ژالہ باری سے تباہ ہو گئی تھیں جس کی رپورٹ ہم نے صوبائی حکومت کو ارسال کی تھی تو مہربانی ہو گی کہ اگر وہاں کے عوام کے ساتھ وہ تلافی کی جائے اور ان کے نقصان کا ازالہ کیا جائے۔ شکریہ، جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: میرے خیال میں چونکہ اگر وزیر خزانہ نے Winding up speech کی، آج ہم موقع دیں گے تو ہم کٹ موشنز لے لیں گے اور جو دن بچ جاتا ہے وہ جو ایجنڈا ہم نے رکھا ہے کہ اس پہ ہم Discussion کریں گے۔ جی جناب شاہ راز خان صاحب۔

جناب شاہ راز خان (وزیر خزانہ): بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ جناب سپیکر صاحب، جی ستا سو شکریہ ادا کومہ کہ آپ نے مجھے موقع فراہم کیا۔ چاہیئے تو یہ تھا کہ یہ میں جناب اسرار اللہ کی طرف سے کہ میں ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے چاہتا یہ تھا کہ اس سے میں Rebate لے لوں۔ اس طرح شہزادہ گستاسپ خان صاحب نے جو بات کی تھی اور وہ بھی بہت اہم ہے۔ اس پہ بھی میرا خیال یہ تھا کہ میں وہاں پہ کوئی Progress لے لوں اور وہ یہاں پہ پیش کروں لیکن آپ نے جو حکم کیا کہ ابھی،۔۔۔ آپ کی مرضی ہے سر، اگر آپ چاہتے ہیں سر، تو مجھے۔۔۔۔

شہزادہ محمد گستاسپ خان(لیڈر آف دی اپوزیشن): سر، یہ جو ایشوز ہیں، ان پر ہم چاہیں گے کہ ہمیں کوئی۔۔۔۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے پھر۔۔۔۔۔

وزیر خزانہ: ٹھیک ہے سر، بڑی مہربانی۔

جناب سپیکر: اچھا یہاں پہ سیکورٹی کے سلسلے میں جو نکتہ اٹھایا گیا تھا، اس سلسلے میں عرض ہے اور پہلے دن ہم نے یہ طے کیا تھا کہ سیکورٹی والے خواہ پولیس سے ان کا تعلق ہو یا اسمبلی سیکرٹریٹ سے ان کا تعلق ہو تو یہاں پہ انتہائی مہذب طریقے سے ان کو چیکنگ کرنا چاہیئے۔ یہاں پہ ہمارا جو Consensus develop ہوا کہ جو Detective mirror ہے، گاڑی کے گرد اس کو گھومایا جائے لیکن ڈگی اور اس کے بانٹ کو نہ چھیڑا جائے، اس کو نہیں کھولنا چاہیئے۔ لہذا میں سیکورٹی والوں کو ہدایت دیتا ہوں کہ وہ انتہائی مہذب طریقے سے اپنی ڈیوٹی سرانجام دیں اور اگر ممبر، سپیکر، وزیر اور صحافی حضرات جو بھی ہیں تو وہ اگر اس مرحلے سے گزر رہے ہیں تو سیکورٹی والے بھی اس سے مستثنیٰ نہیں ہو سکتے ہیں۔ وہ جن کی ڈیوٹی ہے، اگر کوئی بھی آتا ہے، خواہ وہ کسی بھی رتبے کا ہو تو ان کو بھی اسی Process سے گزرنا ہوگا اور یہ بات نوٹ فرمالیں۔ جی اجلاس کو کل صبح ساڑھے نو بجے تک کے لئے ملتوی کیا جاتا ہے۔

(اجلاس بروز جمعرات مورخہ 28 جون 2007ء صبح ساڑھے نو بجے تک کے لئے ملتوی ہو گیا)